عشیرہ	Asheera	ع	کنبہ، قبیلہ، خاندان
عشرین	Ashreen	ع	بیسواں، بیس
عصفر	Asfer	ع	کسم کا پھول
عصمت	ismat	ع	پاکدامنی، پارسائی، عزت، بے گناہی، ایک نام عصمت کمال پاشا
عصوم	Asuom	ع	بہت کھانے والا
عصیب	Asib	ع	طرفدار، حمایتی، معاون، مضبوط، پائیدار، رشتہ دار
عصار	Assar	ع	نچوڑنے والا
عصام	Assam	ع	بازرکھنے والا، نگاہ رکھنے والا، نظر رکھنے والا
عصفور	Asfoor	ع	چڑیا

عصم	Asm	ع	ناموس' عزت' احترام
عضاد	izad	ع	بازوبند' کنگن' تعویذ
عضد الدولہ	Azd-Dul-Dola	ع	حکومت کا بازو' سلطنت کا بازو' شیراز کا ایک حکمران عضدالدولہ
عضر	Azar	ع	خوش قسمت' مبارک
عضروط	Uzroot	ع	مزدور' خادم' کسی کے پیچھے دوڑنے والا
عضیض	Azeez	ع	ہم عمر' حریف
عطار	Attar	ع	عطر فروخت کرنے والا' گندھی
عطابخش	Ata Baksh	ف	آزاد' بے قید
عطاءالحق	Ataul Haq	ع	حق کا انعام' حق کی عطاء' مشہور ادیب جناب عطاء الحق قاسمی
عطاء	Ata	ع	بخشش' انعام
عطافت	Atafat	ع	مہربانی' عنایت
عطوف	Atoof	ع	رحم دل' شفیق' مہربان' شفقت کرنے والا
عطاکن	Ataken	ت	بڑا' نیک شخص
عطاط	Atat	ع	دلاور' بہادر' جری' شجاع' جسیم' موٹا' فربہ
عطیہ	Atya	ا' ع	انعام' بخشش' عطا' دی ہوئی چیز
عظمت	Azmet	ع	بزرگی' شان' شوکت' بڑائی' قدر
عظم	Azm	ع	بڑائی' بزرگی' شان
عظیم	Azim	ع	بڑائی' بزرگی' بڑا' لاہور کے ایک صاحب کمال بزرگ شیخ محمد عظیم قادریؒ جن کا مزار مبارک بیگم کوٹ شاہدرہ لاہور میں ہے۔ احمد شاہ ابدالی کے عہد میں ۱۷۶۷ء میں وصال ہوا۔

نام	English	زبان	معنی
عظیم الشان	Azim ushan	ع	بڑی شان والا
عظام	Azaim	ع	بزرگ' بڑا' عظیم
عغر	Ugher	ع	مبارک' مقدر والا' خوش بخت
عفیف	Afif	ع	پاکباز' پارسا' پاکدامن' ایک ولی اللہ حضرت شیخ عفیف الدین تلمسانیؒ جن کا وصال ۶۹۰ھ میں ہوا
عفت	iffat	ع	پاکدامنی' پارسائی' پرہیزگاری' ایک نام عفت اللہ۔
عفو	Afoo	ع	درگزر کرنا' بخش دینا' معاف کرنا
عفاش	Afash	ع	گھنی ڈاڑھی والا
عفاف	Ifaf	ع	پرہیزگار
عفان	Affan	ع	درگزر کرنے والا' معاف کرنے والا' خلیفہ سوم حضرت عثمان غنیؓ کے والد کا نام۔
عفشال	Afshal	ع	شوخ و بے باک آدمی
عقاب	Aqab	أ ع	مشہور شکاری پرندہ' باز' شاہین
عقد	Aqad	أ ع	ہار' موتیوں کی لڑی' نکاح
عقلہ	Aqlah	أ ع	گرہ' بند
عقیان	Iqyan	ع	خالص سونا
عقیب	Aqeeb	ع	پیروی کرنے والا' پیچھے آنے والا' پیروکار
عقیل	Aqeel	ع	سمجھدار' عقلمند' دانشمند' سیانا' حضرت علیؓ کے بھائی حضرت عقیل بن ابوطالبؓ
عقیف	Aqeef	ف	سرکش' باغی
عقیق	Aqeeq	ع	یمن کا ایک سرخ بیش قیمت پتھر
عقول	Aqool	ع	سمجھدار' عقلمند' دانشمند

عکار	Akkar	ا،ع	متواتر حملے کرنے والا
عکاشہ	Ukasha	ع	عنکبوت' مکڑی' حضور نبی کریم ﷺ کے پیارے صحابی حضرت عکاشہ بن محصن اسدی' تمام غزوات میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا
عکرمہ	Ukerma	ع	کبوتری' ابوجہل کے بیٹے حضرت عکرمہ جو جید صحابی اور حضور نبی کریم ﷺ کے جانثاروں میں سے تھے۔
عکاس	Akkas	ع	عکس اتارنے والا' تصویر اتارنے والا
عکوف	Akoof	ع	لازم پکڑنا' موتیوں کا لڑی میں منسلک ہونا' روکنا' مقیم ہونا' ٹھہرنا مسجد میں اعتکاف کرنا اور گوشہ نشین ہونا
علم	Ilm	ع	آگاہی' واقفیت' مشہور عاشق رسول غازی علم الدین شہید جنہوں نے گستاخ رسول راج پال کو قتل کر دیا تھا۔ قائداعظم محمد علی جناح نے آپ کا مقدمہ لڑا۔ انگریزوں نے آپ کو پھانسی کی سزا دی۔ مزار مبارک قبرستان میانی صاحب لاہور میں ہے۔
علف	Alif	ع	بہت کھانے والا
علمی	Ilmi	ع	آگاہی رکھنے والا' واقف
علاف	Allaf	ع	چارہ بیچنے والا
علام	Alam	ع	آگاہی رکھنے والا' عالم' بہت جاننے والا' واقف' راہ کا نشان' شناسا
علہب	Alhab	ع	لمبے سینگوں والا بکرا' نیل گائے' بلند قامت آدمی
علی	Ali	ع	بلند' اونچا' ارفع' اعلیٰ' خلیفہ چہارم حضرت علیؓ آپ عشرہ مبشرہ صحابی ہیں۔ سوائے غزوہ تبوک کے تمام غزوات میں شریک رہے۔ رمضان المبارک ۴۰ھ میں شہادت ہوئی۔ نماز جنازہ امام حسنؓ نے پڑھائی۔

علیٰ	Alaa	ع	اعلیٰ' اونچا' بلند' خلیفۂ چہارم اور حضور ﷺ کے چچازاد بھائی حضرت علیؓ
علیق	Aleeque	ع	ایک قسم کا سفید کپڑا جس پر بطور کاغذ لکھتے ہیں
علیون	Alyun	ع	جنت کا بالاخانہ' ساتویں آسمان میں ایک مقام جہاں مومنین کی ارواح رہتی ہیں' بلند مقامات کے باشندے
علاء	Ulma	ع	بزرگی' اعلیٰ' بلند' اونچا
علاؤ الدین	Alauddin	ع	دین کا نام بلند کرنے والا' مشہور خلجی سلطان علاؤ الدین خلجی جو سلطان جلال الدین خلجی کا بھتیجا اور داماد تھا۔
علوج	Alooj	ع	پیغام' پیغمبر
علوان	Ulwan	ع	بلندی' اونچائی' اعلیٰ وارفع' عالی رتبہ
علوی	Alvi	ع' ا	حضرت علیؓ سے منسوب
علیم	Aleem	ع	عالم' جاننے والا' دانا' واقفیت رکھنے والا
علمدار	Alamdar	ع	علم اٹھانے والا' پرچم اٹھانے والا' جھنڈا اٹھانے والا
علامی	Alami	ع	بہت بڑا عالم' بہت زیادہ جاننے والا' خوش مزاج' پھرتیلا' تیز فہم
علیان	Alyan	ع	دراز قامت' بلند لوگ' اعلیٰ وارفع لوگ۔
علامہ	Allama	ع	عالم' بہت زیادہ جاننے والا' بڑا لائق
عمار	Ammar	ع	دستار' پگڑی' تاج' پکا نمازی' صاحب علم و وقار' ایک صحابی حضرت عمار بن یاسرؓ۔ اسلام میں سب سے پہلے شہادت کا مرتبہ حاصل کرنے والے حضرت عمارؓ کے ماں باپ تھے۔ حضرت عمارؓ جنگ صفین میں شہید ہوئے تھے۔
عمار	Amar	ع	ستون' کھمبے
عمامہ	Ammamah	ع	پگڑی' دستار' تاج' خود

نام	English	زبان	معنی
عمیر	Umair	ع	بھرا ہوا' معمور' لبریز
عمر خیام	Umer Khayam	ع	ایک مشہور شاعر کا نام۔
عمران	Imran	ع	آبادی۔ حضور نبی کریم ﷺ کے چچا ابو طالب کا اصل نام۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت مریم سلام اللہ علیہا کے والد کا نام۔
عمر	Umr	ع	زندگی' عرصہ' مدت' معیاد' سن' خلیفہ دوم مشہور عشرہ مبشرہ صحابی حضرت عمر فاروقؓ۔ آپ ذی الحجہ ۲۳ھ کو شہید ہوئے۔ آپ کے جنازے کی نماز حضرت صہیبؓ نے پڑھائی۔
عمر اللہ	Umer Ullah	ع	خدا کی قسم
عمروط	Umroot	ع	چور' مفلس' مضبوط' اصیل اونٹ
عمری	Umri	ع	زندگی' معیاد' عرصہ' میری عمر' مدت
عمیثل	Amesal	ع	مٹاپے کی وجہ سے سست آدمی' عمدہ گھوڑا' ناز سے دامن گھسیٹ کر چلنے والا چست آدمی
عمیل	Umeel	عبر	محنتی' جفاکش
عمیل	Amil	ع	آڑھتی' بیوپاری
عمیم	Amim	ع	کامل' اکمل' تمام' پورا' مکمل
عمیق	Ameeque	ع	گہرا' لمبا راستہ
عماز	imaz	ع	مہربانی' عنایت' کرم
عمید	Ameed	ع	رئیس' رہنما' لیڈر' سردار' امیر
عمیدر	Ameedar	ع	نازک بدن اور مال دار بچہ
عماد	Amad	ع	کھمبا' ستون' اعتبار' مشہور جرنیل عماد الدین محمد بن قاسم

عنصر	Ansar	ع	جز' بنیاد
عنفوان	Anfwan	ع	طاقت' تازگی' کسی چیز کا آغاز
عنوان	Unwan	ع	آغاز' شروع' دیباچہ' سرنامہ' سرخی' مشہور ولی اللہ حضرت حاتمؒ کے والد جناب عنوان اصم۔
عمو	Amev	ع	عاجزی' انکساری' ہرات کے ایک مشہور ولی اللہ حضرت شیخ عموؒ۔ مزار مبارک ہرات میں ہے۔
عمول	Amool	ع	محنتی' مزدور' محنت کرنے والا
عمرد	Ammrad	ع	سخت مزاج وطاقت ور آدمی
عمردراز	UmerDraz	ع	زندگی میں برکت' عمر لمبی ہو بڑی عمر ہو۔
عمش	Amash	ع	بھلائی' یہودی' موافق و برابر
عمدار	Amdar	ع	رخسار
عمدان	Umdan	ع	لشکر کا پیغام لے جانے والا
عمدة الملک	Amdah Tulmalak	ع	شاہی دور کے اعلیٰ افسران کا خطاب
عمود	Amood	ع	ستون' سہارا' سپہ سالار' کمانڈر
عمور	Umoor	ع	گھر سے جدا نہ ہونا' آباد رکھنا
عمرط	Amarat	ع	لمبا' دراز
عمرط	Amert	ع	دلیر آدمی' بہادر آدمی' چھریرا جوان
عمران	Umran	ع	زندگی والے' عمر والے
عمان	Amman	ع	حفاظت' پناہ' نگرانی' نگہبانی' گہرا سمندر
عمرس	Amers	ع	طاقتور آدمی' مضبوط شخص' قوی شخص
عنابس	Anabiss	ع	شیر
عنابی	Anabi	ع	عناب کے رنگ کا سیاہی مائل سرخ رنگ کا

نام	English	زبان	معنی
عنایت	Anayet	ع	کرم' توجہ' مہربانی' لطف' مشہور بزرگ حضرت شاہ عنایت قادری شطاریؒ۔ آپ کے مریدین میں حضرت سید بلھے شاہؒ بھی شامل ہیں۔ آپ کا انتقال محمد شاہ رنگیلا کے عہد میں ہوا۔ مزار مبارک کوئنز روڈ لاہور پر واقع ہے۔
عنان	inan	ع	ابر' بادل' اونچائی' آسمان کی بلندی
عنان	Anan	ع	سبقت لے جانے والا' بازی لے جانے والا
عناق	Anaq	ع	معانقہ کرنا' بغل گیر ہونا
عنقاد	Anqad	ع	انگور وغیرہ کا خوشہ
عنیار	Aniar	عبر	روشن
عنید	Anaid	ف	جنگجو' لڑاکا' باغی' سرکش
عُنید	Unaid	ف	جنگجو' لڑاکا' باغی' سرکش
عنیل	Aneel	ع	محنت کرنے والا
عنین	Anneen	ع	نامرد' جو عورت کی خواہش نہ رکھے
عناس	Anas	ع	زبردست' قوی' طاقتور' زور آور' عتاب۔
عنان	Inan	ع	رسی' ڈور' باگ ڈور۔
عندل	Andal	ع	بلبل
عُنصر	Unser	ع	جز' نیو' بنیاد' ارادہ' قصد' ہمت
عناس	Inas	ع	شیشہ' آئینہ
عندلیب	Andleeb	ع	بلبل
عنبار	Anbaar	ع	روشنی' چمکدار
عنبر	Anber	ع	ایک خوشبودار موم
عنبس	Anbas	ع	شیر
عنبہ	Anbha	ع	ایک عرب کا نام

نام	English	زبان	معنی
عنیق	Anique	ع	گردن' کسی کے گلے میں بانہیں ڈال کر لٹکنے والا
عنیف	Aneef	ف	سرکش' باغی' تیز
عنادل	Anadel	ع	بلبل
عنیف	Aneef	ع	لڑاکا' جھگڑا کرنے والا
عود	Aud	ع	ایک خوشبو' واپسی' پلٹنا' لوٹنا
عودان	Udan	ع	نبیؐ کا ممبر اور عصائے مبارک
عوام	Awam	ع	تیز گھوڑا' مشہور عشرہ مبشرہ صحابی حضرت زبیرؓ کے والد کا نام۔
عون اللہ	Aunallah	ع	اللہ تعالیٰ کی مدد
عواقب	Awaqib	ع	آخر' انجام
عوض	iwez	ع	معاوضہ' قیمت' قائم مقام' بدل
عواطف	Awatef	ع	مہربانی کرنے والے' عنایت کرنے والے' لطف و کرم کرنے والے' عنایات' مہربانیاں
عویس	Awais	ع	رفیق' حمایتی' دوست' مددگار' معاون' طرفدار' ہنستے ہوئے جس کے رخسار میں گڑھے پڑیں۔
عوزر	Auzer	ت	سچا' اصلی' خالص
عون	Aun	ع	طرفدار' حمایتی' مددگار' معاون
عویمر	Auemer	ع	حضرت ابوبکر صدیقؓ کے سسر کا نام
عویص	Awais	ع	قوت' طاقت' نفس' سخی' فیاض' مشکل
عوید	Awaid	ع	عنایت کرنے والا' مہربانی کرنے والا
عوین	Awain	ع	مددگار' معاون' مدد کرنے والا
عوذر	Ouzar	ت	خالص
عوذل	Auzal	ت	مخصوص' خاص' مرغوب خاطر

نام	English	زبان	معنی
عوان	Awan	ع	زبردست لڑائی' بارش شدہ زمین
عواد	Awad	ع	مہربانی' کرم' عنایت' بربط
عوز	Auz	ع	انگور کا دانہ
عوارف	Awaref	ع	احسان کرنے والے' عنایت کرنے والے' خوشبویات
عہید	Aheed	ع	ہم عصر' ہم زمانہ' ہم عہد' ایک زمانے کا۔
عیث	Ais	ع	پھول
عیش	Aish	ع	آسائش' خوشی' عشرت' نشاط' آرام' ایک نام عیش بہادر
عیاث	Ayass	ع	شیر
عیاد	Ayad	ع	مٹک مٹک کر چلنے والا گھوڑا یا آدمی
عیاذ	Ayaz	ع	گناہ سے بچنا' پناہ کی جگہ' حفاظت کی جگہ' بچاؤ کا مرکز' ایک نام عیاذ باللہ
عین	Ain	ع	آنکھ' پانی کا چشمہ' اعلیٰ' عمدہ' ہمدان کے ایک مشہور ولی اللہ حضرت عین القضاۃ ہمدانیؒ جو کہ امام احمد غزالیؒ کے ہم عصر تھے۔ ۵۳۰ھ میں وصال ہوا۔
عین الحیات	Ain-ul-hayat	ع	آب حیات کا چشمہ
عین النور	An-ul-Noor	ع	ایک ستارہ
عیص	Ees	ع	گھنا درخت' سایہ دار' طاقت' قوت' زور' نفس' سخی' فیاض' حضرت اسحٰق علیہ السلام کے بیٹے کا نام۔ رومی آپ کی اولاد میں سے ہیں۔
عیصوم	Aysoom	ع	بہت کھانے والا' بڑی خوراک والا
عیار	Iyar	ع	تولنا' سونے اور چاندی کی چاشنی لینا
عیاز	iyaz	ع	بچاؤ' پناہ' حفاظت

عیاں	Ayaan	ع	ظاہر' آشکارا
عیسیٰ	Eisa	ع	گناہ سے بچانے والا' مشہور پیغمبر حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔ آپ پر اللہ تعالیٰ کی مقدس کتاب انجیل نازل ہوئی۔
عیون	Uyoon	ع	آنکھیں' چشمے
عیوق	Ayooq	ع	ایک روشن سرخ ستارہ
عیوث	Aydos	ع	شیر
عید	Eid	ع	بار بار آنے والا' خوشی کا تہوار' لاہور کے ایک ولی اللہ حضرت شیخ عیدے شاہ قادری نوشاہی ملکہ وکٹوریہ کے عہد میں ۱۸۸۷ء میں وصال فرمایا۔ مزار مبارک لاہور میں ہے
عیدان	Aydan	ع	بد اخلاق اور اکھڑ آدمی
عیزار	Ayzar	ع	مضبوط و سخت چیز' چست اور پھرتیلا لڑکا' ایک درخت
عیمان	Iman	ع	پیاسا' دودھ کا آرزومند

غ

غازف	Ghazaf	ع	ملاح' کشتی ران
غازہ	Ghazah	ا'ف	ایک قسم کی سرخی جو عورتیں چہرے پر لگاتیں ہیں۔گل گوز
غازی	Ghazi	ع	فتح مند' جیتا ہوا' فاتح' اللہ تعالیٰ کی راہ میں لڑنے والا' لاہور کے ایک قدیم ولی اللہ حضرت پیر غازی المعروف پیر از غیبؒ مزار مبارک حضرت داتا گنج بخشؒ کے مزار سے آگے ایک گلی میں واقع ہے۔اس گلی میں ایک مسجد بھی ہے۔
غازی میاں	Ghazi Mian	ا	مسعود غزنوی کے سالار مسعود غازی کا لقب
غامز	Ghamaz	ع	گناہ بخشنے والا
غامیز	Ghamiz	ع	نیزہ کو سیدھا کرنے کا خواہش مند
غامض	Ghamez	ع	جو سمجھ میں نہ آئے' جو عقل میں نہ آئے' نا قابل فہم
غارس	Ghares	ف	باغبان' پودا لگانے والا' درخت لگانے والا
غادر	Ghadir	ع	زوردار
غادف	Ghadef	ع	کشتی چلانے والا' ملاح' ناخدا
غاب	Ghab	ا'ع	غابہ کی جمع' جنگل' بن
غابر	Ghaber	ع	گزشتہ' گزرا ہوا
غاور	Ghawir	ع	فکر کرنے والا' غور کرنے والا' زوردار' زبردست
غایت	Ghayet	ع	غرض' مطلب' مقصد' انجام' جھنڈا' آخر' انتہا
غافر	Ghafir	ع	گناہ بخشنے والا' خطائیں معاف کرنے والا
غارب	Ghareb	ع	کندھا' شانہ

غالب	Ghalib	ع	غلبے والا' حاوی ہونا' غلبہ پانے والا' قابو پانے والا' لاہور کے ایک ولی اللہ سائیں غالب علی شاہ''۔ مزار مبارک لاہور نیلی ویژن اسٹیشن کے نزدیک ایبٹ روڈ پر واقع ہے
غازل	Ghazil	ع	غزل کہنے والا
غائب	Ghaib	ع	اوجھل' چھپا ہوا
غائی	Ghai	ع	انتہائی' اخیر' انجام کار
غائر	Ghair	ع	وسیع' گہرا' عریض
غانی	Ghaani	ع	مالدار' گلوکار
غالی	Ghali	ع	گراں قیمت' مہنگا' حد سے تجاوز کرنے والا
غالیہ	Ghalia	اُع	عنبر کافور وغیرہ کی خوشبو' مہک
غاسق	Ghasiq	ع	رات' چاند' مہتاب
غاشہ	Ghashah	اُع	پردہ' زین پوش' پلان
غاضف	Ghazaf	ع	نرم دل' نازک دل' رقیق القلب
غادی	Ghadi	ع	صبح کے وقت چلنے والا شیر
غازی	Ghazee	ع	اصلاح کرنے والا' مدبر
غابط	Ghabit	ع	رشک کرنے والا
غاصف	Ghasif	ع	خوش وخرم' خوشحال زندگی والا' آسودہ حال
غبیر	Ghabir	ع	کھجور کی ایک قسم
غدفل	Ghidfil	ع	بہت لمبا' بزرگ' حبشہ اونٹ' پرانا کپڑا
غدور	Ghadur	ع	بے وفا
غدیان	Ghadyan	ع	ناشتا کرنے والا' صبح کے وقت کھانے والا
غدیر	Ghadir	ع	جھیل' تالاب
غداۃ	Ghidah	ع	سحر کا وقت' صبح کا وقت

غذوان	Ghazwan	ع	تیز رفتار گھوڑا' سخت مزاج اور زبان دراز آدمی
غربان	Gharban	ع	بھوکا
غربیلہ	Gharbeelah	ع	ناز' نخرہ
غرثان	Ghursan	ع	بھوکا
غرائب	Gharaib	ع	نادر اشیاء' عجیب وغریب
غرزت	Gharzat	ع	خصلت' اطوار' سرشت' عادت
غرہ	Ghara	ع	سفیدی' چمک' چاند کی پہلی رات' تکبر' گھمنڈ' مشہور
غریب	Gharib	ع	نادار' عاجز' مسافر' لاہور کے ایک ولی اللہ حضرت بابا غریب شاہؒ۔ مزار مبارک فیروز پور روڈ پر کیمپ جیل لاہور کے نزدیک واقع ہے۔
غریب الدیار	Ghareeb-ul-Diyyar	ا' ع	مسافر' پردیسی' بے وطن' بے گھر
غریب نواز	Ghareebnawaz	ف' ع	غریب پرور' خواجہ معین الدین چشتی اجمیریؒ کا خطاب
غریف	Gharif	ع	گنجان' گھنا درخت
غریق	Ghareeq	ع	ڈوبا ہوا' سمایا ہوا' محو
غراز	Gharaz	ا' (قدیم)	سرکش' مغرور' متکبر' شجاع' بہادر
غرام	Gharam	ع	محبت' چاہت' لگاؤ' شیفتگی' انسیت' پیار
غریر	Gharir	ع	اچھے اخلاق والا' خوش اخلاق
غریزہ	Gharazaha	ع	فطرت' عادت
غزال	Ghazal	ع	ہرن' ہرن کا بچہ
غزال چشم	Ghazal-e-Chasham	ف' ا	بڑی بڑی آنکھوں والا ہرن معشوق

غزال رعنا	Ghazal-e-rana	ع'ف	معشوق
غزال کعبہ	Ghazal-e-kaba	ا' ع	سونے کا ہرن جو زمانہ جاہلیت میں زمزم میں پایا گیا تھا اور اسے کعبہ میں لٹکا دیا گیا
غزالی	Ghazali	ع	ہرن جیسا' مشہور عالم دین اور دینی کتب کے مصنف امام محمد غزالی جو ایران کے شہر طوس کے رہنے والے تھے۔ قبر مبارک بغداد شریف عراق میں ہے۔
غزرت	Ghazret	ع	عادت' خصلت
غزرات	Ghazrat	ع	زیادتی' کثرت' افزوئی
غزنوق	Ghaznooq	ع	حسین وجمیل' خوبصورت' گوراچٹا
غزنوی	Ghaznavi	ف	غزنی کا رہنے والا (کنایتا) سلطان محمود غزنوی
غزوی	Ghazvi	ع	غزوہ کی طرف منسوب' جنگ کرنے والا
غزی	Ghuzzi	ع	مجاہدین' جنگ کرنے والے
غزار	Ghazar	ع	عزیز واقارب کے ساتھ احسان کرنے والا
غشارب	Ghusharib	ع	بہادر و تجربہ کار آدمی
غشمیر	Ghashmir	ع	فیاض' سخی' سخاوت کرنے والا
غضنفر	Ghasanfer	ع	دلیر' بہادر' شجاع' جری' شیر' سخت مزاج
غضیر	Ghazir	ع	سرسبز و شاداب' ہری رنگت والا' نرم و نازک
غضار	Ghazar	ع	چکنی مٹی سے بنا ہوا
غضبناک	Ghazabnak	ع	غصہ والا
غضبان	Ghazban	ع	غضبناک' خشم ناک
غضفر	Ghazfar	ع	شیر' بہادر
غضیض	Ghaziz	ع	تازہ اور نرم و نازک کلی۔

غفار	Ghafar	ع	گناہوں کو معاف کرنے والا' بخشش کرنے والا' اللہ تعالیٰ کا صفاتی اسم مبارک' لاہور کے ایک ولی اللہ حضرت پیر عبدالغفار نقشبندیؒ مزار مبارک میانی صاحب نزد باغ گل بیگم لاہور میں ہے۔
غفکر	Ghafker	ع	چکنی مٹی کا بنا ہوا
غفیر	Ghafir	ع	پردہ پوش' چھپانے والا' ڈھانپنے والا
غفران	Ghafran	ع	معاف کرنا' بخش دینا' معافی دینا
غفور	Ghafoor	ع	بخشنے والا' معاف کرنے والا' اللہ تعالیٰ کا صفاتی اسم مبارک' لاہور کے ایک ولی اللہ حضرت شیخ عبدالغفور قادری نوشاہیؒ آپ کا انتقال ۱۱۶۰ھ میں لاہور میں ہوا۔
غطریف	Ghatrif	ع	سردار' امیر' بزرگ' رئیس' جوانمرد
غطریق	Ghatreeq	ع	بزرگ' سردار
غطیم	Ghateem	ع	بڑا سمندر' بہت پانی والا
غلگیر	Ghalgeer	ا' ع	معمار' راج' بیل بوٹے بنانے والا
غلمان	Ghilman	ع	غلام کی جمع
غلیفر	Ghaleefer	ع	عمارت تعمیر کرنے والا' معمار
غلام	Ghulam	ع	بندہ' غلام' خدمت گار
غلیان	Ghulyan	ع	جذبہ' جوش
غلیم	Ghaleem	ع	حضرت نوحؑ کے پوتے کا نام
غمار	Ghamar	ع	کثرت' زیادتی' بہتات
غمام	Ghamam	ع	بادل' ابر
غمامہ	Ghamama	ع	بادل' ابر
غموص	Ghimoos	ع	خیبر کا ایک قلعہ

نام	انگریزی	زبان	معنی
غموم	Ghumum	ع	چھوٹے چھوٹے پوشیدہ ستارے
غمر	Ghamer	ع	جواں مرد فیاض سخی
غمزہ	Ghamzah	ا ع	آنکھوں یا بھوؤں کا اشارہ ناز معشوق کی ادا
غنجر	Ghanger	ع	ابٹن غازہ ناز و انداز
غنون	Ghanoon	ع	چھوٹے ستارے
غنی	Ghani	ع	دولت مند مالدار بے پرواہ بے نیاز مشہور عشرہ مبشرہ صحابی خلیفہ سوم حضرت عثمان غنیؓ حضور نبی کریم ﷺ کی دو صاحبزادیاں یکے بعد دیگرے آپ کے حبالہ عقد میں آئیں۔
غنا	Ghana	ع	فائدہ نفع منافع
غنات	Ghannat	ع	لوگوں کے ساتھ بیٹھنے اٹھنے میں ادب کا اچھی طرح لحاظ رکھنے والا
غنچہ	Ghuncha	ع	کلی
غنچہ گل	Ghunch-E-Gul	ف	پھول کی کلی
غتوم	Ghatoom	ع	چھوٹے ستارے
غوث	Ghaus	ع	ولی اللہ فریادرس مددگار مشہور ولی اللہ حضرت شاہ محمد غوث گیلانیؒ جو کہ محمد شاہ رنگیلا کے دور حکومت میں پشاور سے لاہور آ کر اقامت گزیں ہوئے۔ بے شمار کتب تصنیف فرمائیں۔ مزار مبارک بیرون دہلی گیٹ لاہور میں واقع ہے۔
غوث الاعظم	Ghaus-ul-Azam	ع ا	بڑا فریادرس بڑے پیر حضرت عبدالقادر جیلانیؒ کا لقب

غوری	Ghori	ع	مزاج پرسی کرنے والا' خبر گیری کرنے والا' ہندوستان کا ایک حکمران سلطان محمد شہاب الدین غوری جو کہ غور کے علاقہ کا رہنے والا تھا۔
غورہ	Ghora	ف	کچا انگور' کھٹا انگور
غوزہ	Ghozah	ع	بند کلی' غنچہ
غوشاد	Ghoshad	ع	اونچا درخت' قافلے کے پڑاؤ کی جگہ
غواص	Ghawas	ع	غوطہ لگانے والا' غوطہ خور
غیاض	Ghayaz	ع	جنگل' بن
غیاب	Ghayab	ع	چھپا ہوا' پوشیدہ' پنہاں' پردے میں اوجھل
غیور	Ghayoor	ع	غیرت مند' غیرت والا' اناوالا' شرمیلا
غیوری	Ghorri	ع	ہر چیز کا تھاہ
غیب	Ghaib	ع	چھپا ہوا' پوشیدہ' پردہ میں' پنہاں
غیبہ	Gheebah	ع	ترکش' تیردان
غیرت	Ghairat	ع	شرم' عار' لاج
غیثمان	Ghaisman	ع	جوانی' شباب
غیث	Ghais	ع	بارش' مینہ' باراں
غیاث	Ghayas	ع	فریادرس' مددگار' فریاد سننے والا' لاہور کے ایک ولی اللہ سید غوث الدین گیلانی جو کہ حضور غوث پاکؒ کی اولاد میں سے ہیں۔ ۲۱ رمضان المبارک ۹۹۰ھ کو وصال فرمایا۔ مزنگ لاہور میں محلہ دولت آباد آپ کے نام پر آباد ہوا تھا۔ دولت شاہ آپ کا لقب تھا۔
غیران	Ghairan	ع	غیرت مند شخص
غیدا	Gheda	ع	نازک اور حسین عورت

غیداق	Ghaidaq	ع	شریف آدمی' نیک آدمی' ہرا بھرا
غیال	Ghayal	ع	شیر
غیم	Ghaim	ع	آسمان کو ڈھانپ لینے والا
غیض	Ghaiz	ع	شگوفہ' کلی' ان کھلا پھول
غیاف	Ghayaf	ع	لمبی داڑھی والا
غیدان	Ghaidan	ع	شباب' نوجوانی

ف

نام	Name	اصل	معنی
فاکر	Fakir	ف	فکر کرنے والا' سوچ بچار کرنے والا' غور کرنے والا
فاکہہ	Fakah	ا'ع	میوہ' پھل' ہر پھل
فاطن	Fatin	ف	دانشمند' عقلمند' سمجھدار' باشعور
فار	Faar	ع	موٹا' تنومند
فارح	Fareh	ف	مسرت وانبساط عطا کرنے والا' فرحت بخشنے والا' خوشی دینے والا
فانق	Faniq	ع	نازک آدمی' آرام وآسائش کے ساتھ رہنے والا
فانک	Faneek	ع	جری' بہادر
فانی	Fani	ع	فنا ہونے والی' ختم ہوجانے والا' مٹ جانے والا' بہت بوڑھا
فانیذ	Faneez	ع	قند سفید' شکر' مصری
فائق	Faiq	ع	اونچا' بلند' ممتاز' برتر' بالا' فوقیت رکھنے والا
فائقہ	Faiqah	ع	دانا' عقل مند
فاروق	Farooq	ع	حق و باطل میں فرق کرنے والا' حضرت عمر بن خطابؓ کا لقب
فاروق اعظم	Farooq-e-Azam	ع	خلیفہ دوم حضرت عمرؓ کا خطاب' حق و باطل میں فرق کرنے والا
فاروقی	Farooqi	ع	حضرت عمرؓ سے منسوب
فاقد	Faqid	ع	گم کردینے والا' کھودینے والا
فاقم	Faqum	ع	رکا ہوا
فاخر	Fakhir	ع	فخر کرنے والا' ناز کرنے والا

فاحز	Fahaz	ع	فخر کرنے والا' نازان
فاحم	Fahim	ع	ٹھہرا ہوا پانی' رکا ہوا پانی
فارع	Farey	ع	آسودہ' پرسکون' مطمئن' حسین آدمی
فاسخ	Fasikh	ع	توڑنے والا۔
فارض	Farez	ع	توانا' موٹا' تنومند' مصر کے ایک مشہور ولی اللہ حضرت ابن الفارض مصریؒ قبیلہ بنی سعد سے تعلق رکھتے تھے۔ جمادی الاول ۶۳۲ھ میں وصال فرمایا۔
فارط	Farit	ع	جو دوسروں سے پہلے پہنچ کر پانی وغیرہ کا انتظام کرے
فاذِز	Fadiz	ع	کھلا ہوا راستہ' فراخ راستہ' کشادہ راستہ
فارِس	Faris	ع	شہسوار' صاحب فراست' گھوڑے پر سوار' گھوڑے کا مالک
فارد	Farid	ف	واحد' اکیلا' علیحدہ' الگ' تنہا' ایک
فارز	Faraz	ع	صاف اور واضح کلام
فارز	Farz	ع	علیحدہ کرنا' پرے کرنا' ہٹانا' الگ کرنا
فاضل	Fazal	ع	عالم' جاننے والا' پڑھا ہوا' بزرگ' مغل شہنشاہ' جہانگیر کے عہد کے ایک ولی اللہ حضرت محمد فاضل کابلیؒ۔ آپ کی قبر قبرستان بی بی پاک دامناں لاہور میں ہے
فارق	Faraq	ع	بادلوں کا وہ ٹکڑا جو دوسرے بادلوں سے الگ ہو۔
فارق	Fareq	ع	امتیاز کرنے والا' فرق کرنے والا' تمیز کرنے والا
فاطر	Fatir	ف	تخلیق کرنے والا' پیدا کرنے والا' خالق' اللہ تعالیٰ کا صفاتی اسم مبارک
فاتک	Fatek	ع	دلیر' بہادر' نڈر' جری' باہمت' شجاع
فائز	Faiz	ع	منصب دار' بامراد' کامیاب' فتح مند' جیتا ہوا
فالق	Faliq	ع	عیاں کرنے والا' ظاہر کرنے والا' آشکارہ کرنے والا' پہاڑ کا شگاف نکالنے والا' پیدا کرنے والا

فاطق	Fateq	ع	سمجھدار' ذہین' فہیم' دانشمند
فاطم	Fatam	ع	دوزخ کی آگ سے بچانے والا
فاطمی	Fatimy	ع	حضرت فاطمہؓ کی نسل کا
فاصل	Fasil	ع	جدا کرنے والا' الگ کرنے والا' علیحدہ کرنے والا
فاریاب	Faryab	ع	خراسان کے ایک شہر کا نام
فارابی	Farabi	ع	فاراب شہر کا رہنے والا' ابونصر فارابی جو کہ ترکستان کے ایک نزدیکی شہر فاراب میں پیدا ہوئے۔
فاتح	Fateh	ع	فتح کرنے والا' فتح مند' جیتنے والا
فاعل	Fail	ع	کسی کام کا کرنے والا
فاعلہ	Falah	ع	دانش' عقل' دانا کی حکمت' علم
فاغر	Fagher	ع	چمپا کا پھول
فاز	Faaz	ع	کامیاب' کامران' فتح مند
فازر	Fazer	ع	کھلا لمبا راستہ' فراخ طویل راستہ' کشادہ لمبا راستہ
فاران	Faraan	ع	مکہ کے قریب ایک پہاڑ کا نام
فارانی	Farani	ع	چمک' اجالا' روشنی' چاندنی
فبہا	Fabha	ع	بہت خوب' بہتر' مراد حاصل
فتح	Fath	ع	کامیابی' جیت' کامرانی' موصل کے مشہور ولی اللہ حضرت شیخ فتح علی موصلیؒ جو کہ حضرت خواجہ سری سقطیؒ کے ہم عصر تھے۔ عیدالاضحیٰ کے دن ۲۱۹ھ میں وصال فرمایا۔
فتحی	Fathi	ع	جیتا ہوا' فتح کیا ہوا
فتیل	Fatil	ع	دیے کی بتی' چراغ کی بتی
فتیلہ	Fatilah	ع	موٹی بتی' وہ بتی جو زخم پر رکھتے ہیں' بندوق یا توپ کا توڑا

فتاح	Fatah	ع	جیتنے والا فتح کرنے والا' حکم کرنے والا' اللہ تعالیٰ کا صفاتی اسم مبارک
فتاق	Fataq	ع	سورج کی کرنیں' آفتاب کی شعاعیں
فتاش	Fatash	ع	ڈھونڈنے والا' تلاش کرنے والا
فتال	Fatal	ع	بلبل' بہت بننے والا
فتیٰ	Fataa	ع	بہادر' دلیر' جوانمرد' سخی' فیاض
فتوت	Fatwet	ع	مروت' جوانمردی' بہادری' دلیری' جرأت
فتین	Fateen	ع	ہوشیار' چالاک
فجان	Fajan	ع	گفتگو' کلام' بات چیت' گفت وشنید
فجمت	Fajmat	ع	پانی کا ٹھہراؤ
فجل	Fajal	ع	کھلا' کشادہ' وسیع' فراخ
فجور	Fajoor	ا' ع	فخر' گناہ' جرم
فجار	Fajar	ع	راستے' راہیں
فجر	Fajr	ع	صبح سویرے
فحان	Fahaan	ع	کلام
فحیص	Fahees	ع	کسی چیز کی تفتیش کرنے والا' بہت دانش مند آدمی
فحیل	Faheel	ع	نیک' شریف' اچھے خاندان والا' صاحب نسل
فحل	Fahal	ع	کشادہ' فراخ
فحول	Fahool	ع	عالم وفاضل شخص
فخری	Fakhri	ف	ناز کرنے والا' فخر کرنے والا' انگور کی ایک قسم' ایک نام جمیل فخری
فخراج	Fakhraj	ع	ایک ہیرے کا نام

فخر	Fakhr	ف	بڑائی ناز بزرگی ہمدان کے رہنے والے ایک ولی اللہ حضرت شیخ فخر الدین عراقیؒ آپ حضرت شیخ بہاؤالدین زکریا کے داماد ہیں۔۸۸۸ھ میں وصال فرمایا۔ مزار مبارک دمشق میں حضرت شیخ محی الدین ابن عربیؒ کے مزار کے عقب میں واقع ہے
فخرالدین	Fakhar-ud-Din	ع	دین کے لیے فخر
فخیر	Fakhir	ف	بہت ناز کرنے والا بہت فخر کرنے والا
فخم	Fakham	ع	بڑے مرتبہ والا
فخیم	Fakhim	ف	بہت بڑا بزرگ بڑا آدمی برتر صاحب مرتبہ
فخار	Fakhar	ف	ناز کرنے والا فخر کرنے والا
فداکت	Fidakat	ع	ترازو
فدالک	Fadalik	ع	میزان
فدا	Fida	ف	قربان نچھاور واری نثار
فدر	Fadur	ع	چاندی فربہ لڑکا
فدیان	Fidyan	ع	قربان ہونے والا نثار ہونے والا
فدوی	Fidwi	ع	قربان ہونے والا نثار ہونے والا فدا ہونے والا
فدائی	Fadai	ع	جانثار جانباز فریفتہ عاشق
فدغم	FadGham	ع	بڑے قد وقامت کا حسین وجمیل شخص
فراز	Faraz	ف	فراخ کھلا کشادہ اونچا بلند وسیع ایران کے شہر نیشاپور کے مشہور ولی اللہ شیخ ابوبکر کا لقب آپ نے ۶۷۰ھ میں وصال فرمایا۔
فرازم	Frazam	ف	لائق

فرقان	Farqan	ع	حق و باطل میں فرق کرنے والا امتیاز کرنے والا
فرقت	Furkat	ا ع	جدائی ہجر علیحدگی
فرقد	Farqad	ع	قطب شمالی کے قریب والا ستارہ
فرمان	Farman	ف	شاہی حکم شاہی پروانہ
فریس	Frais	ف	دانشمند فراست مند فہیم سمجھدار دانا عقلمند
فریص	Farees	ا	فراست مند عقل مند
فریغ	Fareegh	ع	چوڑی ہموار زمین
فرجمند	Farjmand	ف	صاحب مرتبہ صاحب عزت ہونا
فرامرز	Framrez	ف	قلعہ کا عہدیدار ایران کے رستم پہلوان کے ایک بیٹے کا نام
فرجاد	Ferjad	ع	سمجھدار دانا عقلمند فہم و فراست والا
فرجام	Ferjam	ف	اونچا بلند و بالا فائق قابل اہل لائق انتہا انجام عاقبت آخر
فردوسی	Fardosi	ف	بہشتی جنتی جنت الفردوس میں رہنے والا سلطان محمود غزنوی کے دربار کے ایک مشہور شاعر کا لقب جس نے شاہنامہ فردوسی لکھا تھا۔
فرخندہ	Farkhanda	ف	مبارک خوش نصیب کھلا ہوا پھول
فرخی	Farkhi	ف	شادمانی مسرت خوشی انبساط
فراخور	Firakhwer	ف	قابل اہل لائق موزوں شائستہ
فردوس	Firdaus	ع	جنت بہشت
فرمل	Farmel	ف	خوشبودار مہک والا
فراق	Faraq	ع	جدائی علیحدگی ہجر
فرحت	Farhet	ف	شادمانی خوشی مسرت نشاط خرمی انبساط
فرحال	Farhall	ف	خوش مسرور
فرحام	Farham	ف	بلند

فرحان	Farhan	ف	پُرمسرت' شاداں' مسرور' نشاط' خرّمی' خوش
فرزام	Farzam	ف	قابل' اہل' مناسب' لائق' موزوں
فراس	Farrass	ع	شیر
فراست	Farasat	ف	تیز فہمی' سمجھداری' عقلمندی' دانائی' دانشمندی
فراسین	Faraseen	ع	شیر
فریدون	Faridoon	ف	اکیلا ہونا' تنہا ہونا' افراد' ایران کے ایک قدیم بادشاہ کا نام
فرخ تبار	Farekh Tabar	ف	اچھے خاندان والا' نیک خاندان والا' مبارک خاندان والا
فرزند	Farzend	ف	بیٹا' پسر' اولاد
فرخ زاد	Farekhzad	ف	پُرمسرت' خوشی' مسرور' شاداں وفرحاں' کامیاب وکامران
فرائد	Fraid	ع	قیمتی پتھر' جواہرات
فرخار	Farkhar	ع	زیب وزینت' سجاوٹ' آرائش وزیبائش
فرمود	Farmood	ف	کہا ہوا' فرمایا ہوا
فرخ اختر	Farakh Akhtar	ف	خوش قسمت' نیک بخت' خوش نصیب' اچھے مقدر والا
فرازون	Farazone	ف	ظاہر کرنا' عیاں کرنا' آشکارا کرنا
فرخ نہاد	Farakh Nihad	ف	نیک طینت' اچھی طبیعت والا' نیک مزاج والا
فرود	Farood	ف	بسیرا' ٹھہراؤ' قیام' پڑاؤ
فروع	Faroo	ف	شعاع' رونق
فروغ	Farogh	ف	چمک' روشنی' اجالا' چاندنی
فریح	Farih	ف	پُرمسرت' شاداں وفرحاں' خوش خرم
فرغان	Furghan	ع	موسیقی

فرغانہ	Farghanah	ف	ایک سرجمہوریہ ازبکستان کا ایک علاقہ جو بابر کا وطن تھا
فرغان	Farghan	ع	فراخ برتن' کشادہ برتن' کھلا برتن
فرخی	Farkhi	ف	شادمانی' مسرت' خوشی
فرید	Farid	ع	بے مثل' لاثانی' بے نظیر' ایک خوبصورت موتی' ایران کے مشہور ولی اللہ حضرت شیخ فرید الدین عطارؒ آپ تاتاری کافروں کے ہاتھوں شہید ہوئے۔ مزار مبارک نیشاپور' ایران میں واقع ہے۔
فرخاد	Farkhad	ف	قابو پانے والا' غلبہ پانے والا' زبردست' حاوی
فرطاس	Fartas	ع	وسیع و عریض' کشادہ' لمبا چوڑا' فراخ
فرہ	Farah	ع	عزت' روب' دبدبہ' شان و شوکت
فرہنگ	Farhang	ف	دانائی' سمجھ
فرہاد	Farhad	ف	سچا عاشق' ایران کا ایک مشہور عاشق فرہاد جو ایران کے بادشاہ خسرو پرویز کی ملکہ شیریں پر عاشق تھا۔
فروید	Farweed	ف	شوق' ذوق
فردان	Fardan	ع	ایک خوبصورت موتی' بے مثل' بے نظیر
فریاد	Faryad	ف	دھائی' مدد مانگنے کا شور' آہ و نالہ' ظلم زیادتی کی شکایت
فریاض	Faryaz	ف	فراخ' کشادہ' کھلا
فروز	Feroze	ع	بہادر' شجاع' دلیر' نڈر' جری
فرصاد	Fersad	ع	سرخ رنگ' انگور کے بیج
فرساد	Farsad	ع	دانشمند' عقلمند' حکیم' حکمت والا
فرستادہ	Farstada	ف	ایلچی' سفیر' بھیجا ہوا' قاصد
فرشاہ	Farshah	ع	بے بارش کا بادل
فرخ	Farakh	ف	خوبصورت' حسین' سعید' مبارک

فرخ سیر	Farakh ser	ف	اچھے مزاج والا' اچھی طبیعت والا
فرخان	Farkhan	ع	خوش ہونے والا' اترانے والا
فرحاں	Farhan	ع	مسرور' خوش' فرحاں وشاداں
فرحاد	Farhad	ع	دانشمند' عقلمند' فہیم' عاقل' دانا
فردال	Fardal	ف	بسیرا' ٹھہراؤ' قیام' پڑاؤ
فراہت	Farahat	ع	دانائی' عقلمندی' دانشمندی
فرح	Farah	ع	مسرت' شادمانی' خوشی' سرور' طرطوس کے ایک ولی اللہ شیخ ابوفرح طرطوسیؒ اپنے وقت کے صاحب کرامت ولی اللہ ہیں۔
فراد	Farad	ع	موتی فروخت کرنے والا
فرال	Faral	ع	شیر کی ایال یا ٹھکانہ
فرزین	Farzin	ف	دانشمند' عقلمند' دانا' فہیم' عاقل
فرناس	Farnas	ف	دلیر شخص' بہادر آدمی
فرزان	Farzan	ف	حکمت' عقل' دانش' علم
فرازی	Farazi	ف	اونچائی' بلندی
فرازیں	Frazeen	ف	بلند' اونچا' عالی مرتبہ
فرعار	Faraar	ع	موتی فروخت کرنے والا
فرعون	Faron	ع	مگرمچھ' مصر کے بادشاہ کا لقب' (زمانہ قدیم میں) سرکش' ظالم
فراغ	Faragh	ع	آرام' بے فکری
فرغابی	Farghabi	ع	ایک ولی اللہ شیخ محمود زاہدؒ کا لقب۔ آپ کا انتقال ماہ ذوالحجہ ۸۷۷ھ میں ہوا تھا

لفظ	انگریزی	زبان	معنی
فسیر	Fasir	ع	چلنا، پھرنا، گھومنا
فسیلہ	Faseela	ع	جانوروں کا غلہ
فساح	Fasah	ع	فراخ، کھلا، کشادہ وسیع
فصیح	Fasih	ع	بلیغ، شیریں بیاں، خوش کلام، ایک نام فصیح احمد جعفری
فصام	Fasam	ع	مضبوطی سے تھامنا، سخت گرفت کرنا
فصیل	Faseel	ع	دیوار، شہر پناہ، حفاظتی دیوار
فسیح	Faseeh	ع	کھلا، وسیع، فراخ، کشادہ
فصاحت	Fasahat	ع	خوش کلامی، بلاغت، شیریں بیانی
فضیل	Fazeel	ع	صاحب فضیلت، مشہور ولی اللہ حضرت فضیل بن عیاضؒ آپ امام اعظمؒ کے شاگرد ہیں۔ حضرت ابراہیم ادھمؒ کے ہمعصر ہیں۔ مزار مبارک مکہ مکرمہ میں ہے۔
فضیلت	Fazilat	ع	برتری، بڑائی، بزرگی
فضل	Fazal	ع	برتری، بزرگی، کرم، مہربانی، بخشش، بلخ کے رہنے والے ایک مشہور ولی اللہ شیخ محمد بن فضلؒ۔ آپ کا مزار مبارک سمرقند میں واقع ہے۔
فضال	Fazaal	ع	صلہ پانے کی امید پر لوگوں کی تعریف کرنے والا
فضال	Fazzal	ع	بہت عطا کرنے والا، بہت عنایت کرنے والا
فطین	Fatin	ع	دانشمند، فہیم، زیرک، عقلمند
فطانت	Fatanat	ف	عقلمندی، دانشمندی، فہم وفراست ذہانت
فطرت	Fitrat	ف	سوچ، فکر، غور
فطنت	Fitnat	ف	سمجھداری، عقلمندی، دانائی، دانشمندی
فغان	Faghan	اف	فریاد، چیل، نالہ، واویلہ، آہ وزاری
فقیع	Faqih	ع	سرخ رنگت والا مرد، سرخی مائل مرد

نام	English	زبان	معنی
فقید	Faqid	ع	معدوم' نایاب' نادر
فقیہ	Faqih	ع	عالم' دانا' دانشمند
فقیر	Faqeer	ع	نادار' مفلس' لاہور کی ایک بزرگ شخصیت فقیر عزیز الدین قادری نوشاہی"۔ آپ مہاراجہ رنجیت سنگھ کے عہد میں گزرے ہیں۔ مزار مبارک کوچہ فقیر خانہ اندرون بھاٹی گیٹ لاہور میں واقع ہے۔
فکیر	Fakeer	ع	بہت غور و فکر کرنے والا
فکر	Fiker	ع	غور' سوچ
فکرت	Fikret	ف	فکر' سوچ
فلزہ	Falzah		لخت جگر' پیارا' عزیز
فلک	Falak	ع	آسمان' چرخ' گردوں
فلکی	Falki	ع	آسمانی' سماوی
فلاح	Falah	ع	نیکی' بھلائی' خیریت' بہتری
فلاطون	Falatoon	یونانی' ا	افلاطون' ایک یونانی حکیم کا نام
فلذہ	Falzah	ع	لخت جگر' پیارا' عزیز
فنان اللہ	FananUllah	ع	خدا کی راہ میں فنا
فندی	Fandy	ع	بڑا پہاڑ' جس زمین پر بارش نہ ہوئی
فوق	Fauq	ع	بلند' بالا' اونچا' سبقت' فضیلت
فوزان	Fozan	ع	فتح پانے والے' کامیابی و کامرانی حاصل کرنے والے' کامیاب و کامران
فوات	Fawat	ت	قلب' دل
فوقا	Foqa	ع	بلند و بالا' اونچا
فوز	Foze	ع	فتح' کامیابی' رہائی' آزادی' جیت

فواز	Fawaz	ع	فتح حاصل کرنے والا' کامیابی حاصل کرنے والا
فوار	Fawar	ع	گرم جوش' انتہائی جوشیلا
فواد	Fawad	ع	دل' قلب
فواس	Fawass	ع	بہت جوشیلا۔
فہیم	Fahim	ف	دانشمند' سمجھدار' عقلمند' دانا' عاقل
فہاد	Fahad	ع	تیندوے والا' جیتنے والا
فہام	Faham	ف	نہایت دانا' بڑا سمجھدار' بہت عقلمند
فہمی	Fahmi	ف	عقلمند' سمجھدار' عاقل' دانا' دانشمند
فہد	Fahd	ع	چیتا' تیندوا' سعودی عرب کے حکمران شاہ فہد بن عبدالعزیز
فہمید	Fahmid	ف	عقل' سمجھ' شعور' دانش' ہوشیار' زیرک
فیضی	Faizi	ع	فیض پانے والا' نفع پانے والا' فیض سے نسبت رکھنے والا' مغل شہنشاہ جلال الدین محمد اکبر کے دربار کا ایک اہم درباری فیضی
فیاض	Fayaz	ع	سخی' دریا دل' فیض پہنچانے والا' نفع پہنچانے والا' لاہور کے ایک ولی اللہ حضرت خواجہ فیاضؒ۔ مزار مبارک لکھوڈہر سے باہر دریائے راوی کی طرف واقع ہے۔
فیروزنین	Fairoznin	ف	نیک کام' مبارک کام' اچھا کام
فیض	Faiz	ع	فائدہ' نفع' لاہور کے ایک ولی اللہ حضرت بابا فیض علی شاہؒ۔ مزار مبارک مال روڈ پر واقع پنجاب کلب میں ایک کمرہ کے اندر ایک کونہ میں واقع ہے۔
فیاش	Fayash	ع	سردار' بہت مرتبہ والا' بہت بزرگی والا' بڑی فضیلت والا
فیضان	Faizan	ع	بڑا فائدہ' بڑا نفع' بڑی بخشش

فیصل	Faisal	ع	فیصلہ کرنے والا' حکم' حاکم' سعودی عرب کے سابق فرمانروا شاہ فیصل بن عبدالعزیز
فیوض	Fayooz	ع	نیکیاں' برکات' بخشش' فائدے
فیروز	Feroze	ف	فتح مند' کامیاب و کامران' حضرت غوث اعظمؒ کی اولاد سے لاہور کے ایک ولی اللہ حضرت شاہ فیروز گیلانیؒ۔ مغل بادشاہ ظہیر الدین بابر کے عہد میں وصال فرمایا۔
فیروزہ	Ferozah	ا'ع	ایک نیلے رنگ کے قیمتی پتھر کا نام
فیمان	Faiman	ع	عہد و پیمان' وعدہ' اقرار
فیاد	Fayad	ع	اترا کر چلنے والا' فخر سے چلنے والا
فیلسوف	Fayalsofe	یو	دانشمند' عقلمند' دانا' سمجھدار
فیفا	Fifa	ع	جنگل' بن' بیابان
فیض بخش	FaizBaksh	ف	نفع پہنچانے والا' فائدہ پہنچانے والا
فیروزمند	FerozMand	ف	خوش قسمت' فتح مند' کامیاب' جیتا ہوا
فیروز بخت	FerozBakht	ف	اچھے نصیب والا' خوش قسمت' خوش نصیب

ق

نام	English	زبان	معنی
قائد	Qaid	ع	لیڈر' رہنما' امیر' سردار
قاچار	Qachar	ف	ایران کے قدیم شاہی خاندان کا نام
قارعہ	Qareeah	ع	کوٹنے والا' ٹھو نکنے والی' قرآن
قاری	Qari	ع	قرأت کرنے والا' پڑھنے والا' خوش الحان
قاز	Qaaz	ع	آبی پرندہ' راج ہنس
قاجار	Qajar	اُف	شاہان ایران کا ایک خاندان
قاجف	Qajif	ع	شدید آندھی' طوفان
قاحف	Qahif	ع	شدید بارش
قاہر	Qaher	ع	قہر والا' زبردست' شدید' اللہ تعالیٰ کا صفاتی اسم مبارک
قاہی	Qahi	ع	خوش عیش' فارغ البال اور ذہین آدمی
قاضی	Qazi	ع	جج' منصف' انصاف کرنے والا' تحریک پاکستان کی ایک مشہور شخصیت قاضی عیسیٰ۔
قان	Qaan	ف	عادل' دانا
قانت	Qanat	ع	خاموش' فرمانبردار' تابعدار' چپکا' اطاعت گزار
قانص	Qanis	ع	شکاری
قادری	Qadri	ع	شیخ عبدالقادر جیلانیؒ سے منسوب' قادریہ سلسلہ سے نسبت رکھنے والا' (اردو' مونث) ایک قسم کا سینہ بند
قادرین	Qadrin	ع	قدرت والے' طاقت والے
قادم	Qadam	ع	آنے والا

نام	English	زبان	معنی
قادیانی	Qadyani	ا	مرزا غلام احمد قادیانی کو نبی ماننے والے مرزائی' منکر ختم نبوت
قاص	Qas	ع	آنے والی خبر دینے والا' پیش گوئی کرنے والا' قصہ خواں
قاصب	Qasab	ع	بانسری بجانے والا
قاصف	Qasif	ع	سخت' تند
قاصی	Qasi	ع	کسی چیز کی انتہا کو پہنچنے والا
قادر	Qadir	ع	طاقت رکھنے والا' قدرت رکھنے والا' اللہ تعالیٰ عنہ کا ایک صفاتی اسم مبارک غوث اعظمؓ کا نام سید عبدالقادر جیلانیؒ۔ مزار مبارک بغداد شریف میں واقع ہے۔
قافت	Qafat	ع	خاموش
قانع	Qafay	ع	صابر' قناعت پسند
قافز	Qafiz	ع	تیز رفتار گھوڑا
قائم	Qaim	ع	موجود' حاضر' پکا' مضبوط' ایک نام قائم نقوی
قائم المزاج	Qaimulmazaj	ع	مستقل مزاج' دھن کا پکا
قائم النار	Qaim-un-Nar	ع	آگ پر ٹھہرنے والا
قاسم	Qasim	ع	تقسیم کرنے والا' بانٹنے والا' حضور نبی کریم ﷺ کے ایک صاحبزادہ کا اسم مبارک۔ آپ کا وصال بچپن ہی میں ہو گیا تھا
قاشم	Qasem	ع	دینے والا' عطا کرنے والا' عنایت کرنے والا
قارت	Qarat	ع	بہتر مشک
قارف	Qaref	ع	قریب آنا' پاس آنا' نزدیک آنا
قابس	Qabas	ع	آگ کا طالب

نام	English	زبان	معنی
قابوس	Qaboos	ع	خوبصورت' گورا' حسین وجمیل گورا آدمی' مسقط آف اومان کے ایک حکمران سلطان قابوس۔
قآن	Qaan	ف	جج' عادل' منصف' فیصلہ کرنے والا' سمجھدار' دانشمند' عقلمند' دانا' عاقل
قابل	Qabel	ع	پسندیدہ' لائق' اہل' موزوں
قاتن	Qatan	ف	عادل' عدل کرنے والا
قاصر	Qaser	ع	مجبور' لاچار' پشاور کے ایک ادیب کا تخلص غلام محمد قاصر
قاعف	Qaaf	ع	شدید بارش' موسلا دھار بارش' سیلاب
قادس	Qades	ع	بڑی ناؤ' بڑی کشتی
قاصد	Qasid	ع	ایلچی' ارادہ کرنے والا' ایک نام قاصد الاسلام
قابض	Qabez	ع	قبض کرنے والا' اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی اسم مبارک
قانی	Qani	ع	انتہائی سرخ' بہت زیادہ سرخ
قارب	Qareb	ف	چھوٹی ناؤ' کشتی
قانع	Qaney	ع	صابر' صبر کرنے والا' قناعت کرنے والا
قاموس	Qamoos	ع	گہرا دریا
قالب	Qalib	ع	جسم' بدن' ڈھانچہ' سانچہ' رنگ
قاطر	Qatir	ع	ٹپکنے والا
قاطع	Qatay	ع	کاٹنے والا
قاطن	Qatin	ع	خادم' باشندہ
قاضب	Qazib	ع	انتہائی تیز تلوار' بہت زیادہ کاٹنے والی تلوار
قارن	Qaren	ف	مغل شہنشاہ جلال الدین اکبر کے دربار کا ایک درباری عبدالرحیم خانخاناں کے بیٹے کا نام۔

نام	Name	زبان	معنی
قارون	Qaroon	ا ع	موسیٰ کی قوم کا کنجوس مالدار آدمی جو اپنے مال سمیت غرق ہو گیا تھا (مجازاً) مالدار اور بخیل آدمی
قابیل	Qabeel	ع	حضرت آدم علیہ السلام کے ایک بیٹے کا نام۔
قبول	Qabool	ع	تسلیم کرنا' ماننا
قبیل	Qabeel	ع	خاندان' گروہ' کنبہ' کفیل' ضامن' نسل' قسم
قباد	Qabad	ف	بڑا بادشاہ' ایران کے بادشاہ نوشیرواں کے والد کا نام
قباس	Qabas	ع	سورج' آفتاب
قتیل	Qateel	ع	شہید' مقتول' اللہ تعالیٰ کی راہ میں جان دینے والا
قتین	Qateen	ع	جوش دیا ہوا ریشم' خوبصورت عورت' خوار و ذلیل آدمی
قثم	Qosum	ع	بہت انعام و اکرام دینے والا' بہت فیض' بھلائی جمع کرنے والا' ایک صحابیؓ کا نام
قثول	Qasool	ع	نیکی جمع کرنے والا' عیال جمع کرنے والا' سخی
قحطان	Qehtan	ع	حضرت نوح علیہ السلام کے پڑپوتے کا نام
قتادہ	Qatadeh	ع	حضور نبی کریم ﷺ کے ایک جانثار صحابی حضرت قتادہ بن نعمان انصاریؓ۔ قبیلہ اوس کی شاخ بنوظفر سے تعلق رکھتے تھے۔ حضرت عمر فاروقؓ کے دور خلافت میں وصال فرمایا۔ نماز جنازہ حضرت عمرؓ نے پڑھائی۔
قدح	Qadha	ا ع	جام' ساغر' بڑا پیالہ
قدور	Qadoor	ع	طے شدہ معاملہ
قدوم	Qidoom	ع	بڑا اقدام اٹھانے والا' جری' دلیر' شجاع' بہادر
قدس	Quds	ع	پاک
قدسی	Qudsi	ع	پاک' نیک' مقدس
قدیس	Qadees	ع	سوتی [illegible]

قدوس	Quddoos	ع	ہر عیب سے منزہ، ہر نقص سے پاک، اللہ تعالیٰ کا صفاتی اسم مبارک۔
قدوسی	Qudoosi	ع	نیک بندے، فرشتے
قدیر	Qadeer	ع	طاقت والا، قدرت رکھنے والا، زور آور، طاقتور، قادر، صاحب قدرت، اللہ تعالیٰ کا صفاتی اسم مبارک، ایک نام عبدالقدیر رشک
قدرت	Qudret	ع	طاقت، زور "شہاب نامہ" کے مصنف قدرت اللہ شہاب
قداف	Qidaf	ع	تیز چلنے والا، تیز رفتار، سبک رفتار
قدر	Qadr	ع	اندازہ، حکم، وقعت، حیثیت
قدرم	Qadram	ع	بہادر، دلیر
قدریہ	Qadriyah	ا ع	ایک فرقہ جو قضا و قدر کا منکر ہے
قدار	Qadaar	ع	ہر شے کی انتہا، آخری حد
قدوہ	Qidwah	ع	رہنما، پیشوا، رہبر، سردار، امیر، امام، برگزیدہ
قدام	Qadam	ع	سردار، بزرگ، امیر، برگزیدہ، ہمیشگی
قذافی	Qazafi	ع	کشادہ جنگل کا رہنے والا
قرور	Qirwah	ع	یخ پانی، ٹھنڈا پانی
قرۃ	Qurrat	ع	ٹھنڈک
قرۃ العین	Qura-tul-Ain	ا ع	وہ چیز جس سے آنکھوں میں طراوت اور ٹھنڈک پیدا ہو (مجازاً) بیٹا، نورِ چشم
قربان	Qarban	ع	صدقہ، اللہ تعالیٰ کی راہ میں جان دینا، ایک نام قربان جیلانی
قربانی	Qurbani	ا ع	خیرات، صدقہ، داروئی، فدا
قربص	Qarbas	ع	کشتی کا لنگر
قربیٰ	Qurba	ا ع	رشتہ، تعلق، قربت

قرآن	Quran	ا'ع	دو سیاروں کا ایک برج میں ہونا' قربت
قراب	Qarab	ع	غلاف' میان' تلوار رکھنے کا خول
قرحان	Qarhan	ع	جس کے چیچک وغیرہ نہ نکلی ہو' جو میدان جنگ میں کبھی نہ گیا ہو اور کبھی زخم نہ کھایا ہو
قریحہ	Qaryah	ع	ہر چیز کا اول' عمدہ اور بہتر مال
قریش	Quresh	ع'ا	عرب کے ایک جلیل القدر قبیلے کا نام' حضورؐ اسی قبیلے سے تھے
قریشی	Qureshi	ع	قبیلہ قریش سے تعلق رکھنے والا
قریب	Qarib	ع	پاس' نزدیک
قرطاس	Qartas	ع	کاغذ' صفحہ
قرین	Qarin	ع	ہم نشیں' رفیق' دوست' ہم عمر' ساتھی
قریص	Qaris	ع	کشتی کا لنگر
قریر	Qareer	ع	خوش و خرم' سرسبز و شاداب' ٹھنڈا' یخ
قروط	Qaroot	ع	چھوٹے قدم اٹھانے والا
قرمز	Qirmiz	ع	لال رنگ' سرخ رنگ
قِراوُل	Qiradul	ت	شکار کرنے والا' شکاری' امیر لشکر
قراح	Qurah	ع	صاف پانی' خالص' منزہ
قرام	Qaram	ع	ہلکا' منقش اور رنگین پردہ
قرن	Qaran	ا'ع	ستاروں کا ملاپ' زمانہ دراز' سینگ
قرنی	Qarni	ع	گیسوؤں والا' زمانہ شناس' قرن سے تعلق رکھنے والا۔ حضرت اویس قرنیؓ آپ کو سہیل یمنی بھی کہا جاتا ہے
قزافی	Qazafi	ع	کھلے جنگل کا باسی' کشادہ جنگل کا رہائشی
قزح	Qazha	ا'ع	وہ چیز جس پر رنگا رنگ لکیریں ہوں زرد' سرخ' سبز رنگ

قزلباش	Qazalbash	ت	سرخ سر، لال سر والا، قدیم ایران کی اس فوج کا نام جو بار گوشوں کی سرخ ٹوپی پہنتی تھی۔ یہ شاہ اسماعیل صفوی کی فوج کے سپاہی تھے۔ ان کی اولاد قزلباش کہلاتی ہے۔
قزل	Qazel	ت	سرخ، لال
قزاز	Qizaz	ع	ریشم فروخت کرنے والا
قزاق	Qazaque	ا،ت	قزاقستان کا باشندہ، ڈاکو، بٹ مار
قسورہ	Qasoorah	ع	غلبہ پانے والا، غالب، شیر
قسام	Qasaam	ع	تقسیم کرنے والا، قسم کھانے والا، بانٹنے والا
قسامت	Qasamat	ع	حسن، جمال، خوبصورتی
قسقاس	Qasqas	ع	رہبر، رہنما، بھوک کی سختی، جاڑے کی سختی، شیر
قسیس	Qasees	ا،ع	دین نصاریٰ کا عالم
قسیم	Qaseem	ع	تقسیم کرنے والا، بانٹنے والا، قسمت بنانے والا، مقدر چمکانے والا، خوبصورت، حسین، حصہ دار۔
قشم	Qasham	ع	فیاض، سخی، نفیس کپڑے، چرخ
قشقہ	Qashqa	ا،ف	تلک، ٹیکا، صندل وغیرہ نشان جو ہندو ماتھے پر لگاتے ہیں
قشلاق	Qashlaq	ا،ع	وہ گرم مقام جہاں بادشاہ اور امیر سردیوں کا موسم گزاریں
قشون	Qishun	ت	فوج کا گروہ، رسالہ
قصیر	Qasir	ع	چھوٹے قد والا، ناٹے قد والا، پستہ قد، کوتاہی کرنے والا
قصیل	Qaseel	ع	سبز چارہ، گروہ، جماعت
قصیب	Qasib	ع	موصل کے ایک ولی اللہ حضرت شیخ قصیب البان موصلیؒ۔ حضرت غوث اعظمؒ کے مرید تھے۔ 570ھ میں وصال فرمایا۔ مزار مبارک موصل عراق میں ہے۔

قصار	qasaar	ع	ایک ولی اللہ حضرت حمدون قصارؒ آپ کا مزار مبارک ہرات میں ہے۔
قضیب	Qazib	ع	تیز تلوار
قضاب	Qazab	ع	تیز تلوار
قضارا	Qazara	ع‘ف	اتفاقاً‘ اچانک‘ یکایک
قطم	Qatim	ع	خواہش رکھنے والا
قطمیر	Qatmeer	ا‘ع	اصحاب کہف کے کتے کا نام بہت چھوٹا
قطن	Qatan	ا‘ع	کپاس روئی
قطیف	Qatif	ع	منتخب شدہ پھول‘ چنا ہوا پھول
قطب	Qutb	ع	ولی اللہ‘ بزرگ‘ سردار‘ افضل‘ اعلیٰ‘ مشہور ولی اللہ حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ جو کہ حضرت شیخ فرید الدین گنج شکرؒ کے مرشد تھے۔
قعید	Qaeed	ع	ساتھی‘ دوست‘ ہم نشین۔
قفال	Qaffal	ع	تالے بنانے والا‘ ایک عالم کا نام
قلندر	Qalander	ف	آزاد آدمی‘ سندھ کے مشہور ولی اللہ قلندر لعل شہبازؒ۔ مزار مبارک سیہون شریف میں واقع ہے۔
قلب	Qalb	ع	دل‘ ایک نام قلب عباس۔
قلوب	Qalub	ا‘ع	قلب کی جمع‘ دل
قلیچ	Qalich	ف	شمشیر‘ تلوار
قلقان	Qulqan	ف	سپر‘ ڈھال
قلاوز	Quladz	ت	رہبر‘ رہنما‘ راستہ بتانے والا
قلاس	Qallas	ع	ٹوپیاں بنانے والا‘ دریا جس میں پانی کثرت سے ہو
قلاص	Qallass	ع	بلندی پر چڑھنے والا

قلزم	Qalzum	ع	بحیرہ قلزم' گہرا دریا' گہرا کنواں
قلیب	Qalib	ع	کنواں
قیمت	Qeemat	ع	دام' بھاؤ
قیمن	Qamin	ع	قابل' لائق' اہل' موزوں' تیز رفتار
قمر	Qamer	ع	چاند' مہتاب' تاریخی ناول نگار قمر اجنالوی
قمرین	Qamrin	ع	سورج اور چاند
قمیس	Qamis	ع	سمندر' بحر
قمین	Qamin	ع	قابل' لائق' تیز رفتار
قمران	Qamran	ع	چاند اور سورج' آفتاب و مہتاب
قمقام	Qamqam	ع	قوم کا پیشوا' قوم کا سردار' دریا
قمروش	Qamrosh	ف	چاند جیسا حسین
قندیل	Qandil	ع	فانوس' ترکش' ایک نام قندیل حسن
قندیلا	Qandila	ا	مستحکم' استوار کاغذ یا ابرک کا بڑا فانوس تیز رفتار' بجلی کی طرح تیز
قنور	Qanur	ع	بڑے سر والا' بدمزاج' اکھڑ' سرکش
قنوع	Qanoo	ع	صابر و شاکر' صبر کرنے والا' قناعت کرنے والا
قنطر	Qantar	ع	اونچی عمارت' پل
قنبات	Qanbat	ع	قاصد' ایلچی
قنبر	Qanber	ع	پروں کی کلغی' حضرت علیؓ کے ایک غلام کا نام
قنبل	Qunbel	ع	ایک درخت کا نام' سخت آدمی' خوش مزاج اور پھرتیلا لڑکا
قوی	Qawi	ع	مضبوط' توانا' طاقتور' قوت والا' ایک نام محمد قوی خان۔
قویم	Qawim	ع	پائیدار' مضبوط' استوار' سیدھا
قوسی	Qosi	ع	کمان والا
قوت	Quwwat	ع	طاقت' زور

قوسین	Qosain	ع	دو کمانیں
قہار	Qahar	ع	قہر کرنے والا
قہرمان	Qehrman	ف	خزانچی، خازن، حاکم
قہری	Qahri	ع	غصے والا
قیس	Qais	ع	دیوانہ، مجنوں، عاشق، مشائخ کبار میں سے ایک ولی اللہ حضرت شیخ حیوۃ حرانی کے والد کا نام۔ آپ حضرت غوث اعظمؒ کے دور میں گزرے ہیں۔ 551ھ میں وصال فرمایا۔ قبر مبارک موضع حران میں واقع ہے۔
قیص	Qais	ع	بلبلانے والا اونٹ
قیصر	Qaiser	ع	حکمران، والی سلطنت، حکومت کرنے والا
قیرمان	Qairman	ا ع	بہادر، حکمران، نڈر، حاکم، صاحب
قینات	Qainat	ع	ایلچی، پیغامبر، قاصد
قیوم	Qayyum	ع	قائم رہنے والا، قائم کرنے والا، حفاظت کرنے والا، نگہبان، نگران، منتظم، زندہ، اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی اسم مبارک۔
قیماز	Qimaz	ت	خدمتگار، غلام
قیم	Qaim	ع	نگاہ رکھنے والا، قائم کرنے والا، اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام
قیافہ	Qayafah	ا ع	فال، شگون
قیام	Qayam	ع	ٹھہرنا، رہنا، قائم ہونا، سکونت، پائیداری، مضبوطی، استقلال، بھروسہ، اعتماد
قیاس	Qyass	ا ع	اندازہ، خیال، اٹکل، تخمینہ
قیفال	Qaifal	ع	سردار

ک

کامران	Kamran	ع	کامیاب' فاتح' جیتا ہوا' فتح مند' ایک مغل شہزادہ کامران جس نے دریائے راوی کے کنارے بارہ دری بنوائی تھی۔
کامن	Kaman	ا	پوشیدہ' چھپا ہوا
کاظمین	Kazmin	ع	غصے کو پی جانے والے
کاثر	Kasir	ع	کثرت پر غلبہ پانے والا' کثیر پر قابو پانے والا
کاظم	Kazim	ع	غصے کو ضبط کرنے والا' غصے کو پی جانے والا' ساتویں امام موسیٰ کاظمؒ آپ کا انتقال خلیفہ ہارون الرشید کے قید خانہ میں ہوا تھا۔ مزار مبارک بغداد شریف عراق میں ہے
کابد	Kabed	ع	مشقت برداشت کرنے والا
کادح	Kadah	ع	کوشش کرنے والا
کاذب	Kazib	ع	جھوٹ بولنے والا
کاذی	Kazie	ع	کیوڑہ' کادی
کارب	Karab	ع	قریب ہونا
کارز	Karz	ع	خطیب' واعظ' وعظ کرنے والا
کارم	Karam	ع	کرم کرنے والا
کاعب	Kaab	ع	نزدیک ہونا' پاس ہونا' قریب ہونا
کاسف	Kasif	ع	ترش رو' گھنا' چھپانے والا
کاکا	Kaka	اف	بڑا بھائی' چچا' چھوٹا بچہ' بہت بوڑھا اور قدیم غلام
کاکل	Kakal	ف	زلف' گیسو' لٹ

کاہن	Kahan	ع	فال بتانے والا' کوشش کرنے والا' جو دوسروں کی ضروریات کو پورا کرنے کا ذمہ دار ہو
کائب	Kaib	ف	پاس ہونا
کاؤس	Kaoos	ف	ایران کے ایک بادشاہ کیکاؤس کا نام جو کہ مشہور پہلوان رستم کا آقا تھا۔
کاتب	Kateb	ع	لکھنے والا' محرر' خوش نویس
کافل	Kafel	ع	برداشت کرنے والا' غصہ پی جانے والا' غصہ ضبط کرنے والا' تحمل کرنے والا' بردبار
کافیہ	Kafia	ع	فوج کا سردار
کاتف	Katef	ع	ناپسند کرنے والا
کاجب	Kajeb	ع	کثیر' بہت' کافی' وافر
کاشف	Kashif	ع	آشکارا کرنے والا' عیاں کرنے والا' ظاہر کرنے والا
کاشی	Kashi	ع	منسوب بہ کاشان' نقاشی کا کام
کاشر	Kasher	ع	آپس میں ہنسنے والا' ایک نام سلیم کاشر
کاردار	Kardar	ف	عہدہ دار' منصب دار' پاکستان کی قومی کرکٹ ٹیم کے پہلے کپتان عبدالحفیظ کاردار۔
کانس	Kanes	ع	ہمیشہ حفاظت میں رہنے والا' ہمیشہ پناہ میں رہنے والا
کابر	Kaber	ع	سردار' بلند مرتبہ
کانب	Kanb	ع	آسودہ' خوشحال
کاشد	Kashed	ع	محنت سے روزی کمانے والا
کامود	Kamood	اُ ہ	مالکوس' راگ کی ایک قسم جسے رات کو گاتے ہیں
کامور	Kamur	ع	بسیط' وسیع' فراخ
کاموس	Kamus	ا ع	ایک بادشاہ کا نام

نام	انگریزی	زبان	معنی
کامل	Kamel	ع	مکمل، تمام، پورا، اکمل، ایک ولی اللہ حضرت سید کامل شاہ قادریؒ۔ مزار مبارک بابو صابو لاہور میں واقع ہے۔
کامگار	Kamgar	ف	کامیاب و کامران
کاشان	Kashan	ف	ایک مشہور شہر کا نام
کاشانی	Kashani	ف	ایران کے شہر کاشان کا رہنے والا
کاسر	Kasir	ع	توڑنے والا
کارسنج	Karsenj	ف	صاحب لیاقت، کام سے واقف معاملہ فہم
کارسیخ	Karsikh	ف	عقلمند، دانشمند، قابل صاحب لیاقت
کاتم	Katem	ع	چھپانے والا
کبریا	Kibria	ع	عظمت، بڑائی، بزرگی
کبیر	Kabir	ع	بڑا، بزرگ، لاہور کے ایک ولی اللہ حضرت شیخ کبیر قادری نوشاہیؒ۔ مزار مبارک لاہور میں ہے۔
کبار	Kabar	ع	بزرگ، بڑا، برگزیدہ
کباش	Kabash	ف	کی جمع
کبشہ	Kabshah	ع	حضور نبی کریم ﷺ کے ایک غلام کا نام ابو کبشہؓ۔ تمام غزوات میں شریک رہے۔ جس دن حضرت عمر فاروقؓ خلیفہ منتخب ہوئے اسی روز ۱۳ھ میں وصال فرمایا۔
کبوس	Kaboos	ع	زین پوش
کیش	Kash	اف	دین، مذہب، عادت، فطرت، ترکش
کتیب	Kateeb	ع	مکتوب، تحریر شدہ، لکھا ہوا
کتوم	Katoom	ع	راز چھپانے والا، بھید کی حفاظت کرنے والا
کتمان	Kitman	ع	پردے میں، چھپا ہوا، پوشیدہ، پوشیدگی
کتیف	Katif	ع	چوڑی شمشیر، چوڑی تلوار

کثیب	Kaseeb	ع	ریت کا ٹیلہ
کثیف	Kaseef	ف	پردہ کرنے والا
کثیم	Kasim	ع	نزدیک ہونا' قریب ہونا' پاس ہونا
کثاب	Kasab	ع	بہت کثیر' وافر
کثار	Kasar	ع	گھنی داڑھی والا
کحال	Kahal	ا' ع	آنکھوں میں سرمہ لگانے والا
کحلت	Kahlat	ع	آنکھ کا سرمگیں ہونا
کحیل	Kahil	ع	جس نے آنکھوں میں سرمہ لگایا ہوا ہو
کذاب	Kazab	ع	جھوٹ
کذافہ	Kazafah	ع	بے حساب' بے شمار
کراب	Karab	ع	وادی میں پانی کے نالے
کرامت	Karamet	ع	انوکھی بات' بڑائی' بزرگی' نوازش' حیرت انگیز' وہ حیران کن فعل جو انسانی عقل میں نہ آئے اور کسی ولی اللہ سے سرزد ہو۔
کریا	Karya	ف	بزرگی' عظمت
کریم	Karim	ع	مہربانی کرنے والا' کرم کرنے والا' سخی' اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی اسم مبارک۔ لاہور کے ایک ولی اللہ حضرت سید کریم شاہ سہروردیؒ۔ قبر مبارک باغبانپورہ لاہور نزد کوٹھی میاں معراج دین واقع ہے۔
کریمان	Kareman	ع	حج اور جہاد
کرار	Karar	ع	بار بار حملہ کرنے والا' حضرت علیؓ کا لقب مبارک
کران	Kiran	ف	سرا' کنارہ' بربط
کرانی	Krani	ا	عیسائی' نصرانی' کرسچن' انگریزی دفتر کا کلرک' محرر

کروبی	Karobi	ع	مقرب فرشتہ
کرم	Karem	ع	ہمت' مہربانی' لطف وعنایت' جوانمردی' لاہور کے ایک ولی اللہ سید کرم شاہ ولیؒ۔ مزار مبارک جی ٹی روڈ پر شاز دلیبارٹریز کے سامنے بائیں ہاتھ ریلوے کی کوٹھیوں کے ساتھ واقع ہے۔
کرمی	Kurmi	اُہ	پورب کے ہندو زمینداروں کی ایک ذات
کرخی	Karkhi	ع	کرخ کا رہنے والا' منسوب بہ کرخ' مشہور ولی اللہ حضرت شیخ معروف کرخیؒ۔ آپ کا مزار مبارک بغداد شریف عراق میں ہے۔
کرام	Karam	ع	بلند مرتبہ' ذی مرتبہ لوگ' جوانمرد' سخی' مغل شہنشاہ جلال الدین محمد اکبر کے دور کے ایک ولی اللہ حضرت سید کرام الدین قادریؒ۔ آپ کا سلسلہ نسب حضرت غوث اعظمؒ سے چند واسطوں سے جاملتا ہے۔ مزار مبارک جیل روڈ پر ایک اونچے ٹیلے پر واقع ہے۔
کرمانی	Kermani	ع	مہربانی کرنے والا' کرم کرنے والا' کرمان کا رہنے والا' ایک مشہور ولی اللہ شاہ شجاع کرمانی۔ وقت کے قطب اور صاحب کرامت بزرگ تھے۔ آپ کے والد کرمان کے بادشاہ تھے۔ 270ھ کو وصال فرمایا۔
کردک	Kurdek	ف	طاقتور' زور آور' قوی' پہلوان
کردگار	Kardgar	اُف	خالق' خدا تعالیٰ
کردم	Kardam	ع	پستہ قد' بہادر
کسریٰ	Kasri	ع	بادشاہ
کسام	Kasam	ع	کھلا ہوا' شگفتہ

کسوم	Kassoom	ع	تجربہ کار' چالاک آدمی
کیف	Kaseef.	ف	نشر' مستی
کشف	Kashaf	ع	کھلنا
کشفی	Kashfi	ع	فاش کرنا' کھولنا' ظاہر کرنا' انکشاف کرنا' ایک نام ابوالخیر کشفی
کشاف	Kashaf	ع	عیاں کرنے والا' ظاہر کرنے والا' پردہ اٹھانے والا
کشود	Kashood	ف	کامیابی' کامرانی' فائدہ' نفع' پھیلنا
کظام	Kazam	ع	وادی کا دہانہ' بردبار
کظیم	Kazeem	ع	غمگین آدمی' غصہ پی جانے والا
کعب	Kaab	ع	بزرگی' ٹخنہ' حضور نبی کریم ﷺ کے جانثار صحابی حضرت کعب بن مالک انصاریؓ۔ آپ نے ۷۷ برس کی عمر میں حضرت امیر معاویہؓ کے دور حکومت میں وصال فرمایا۔
کعیب	Kaeeb	ع	بلبل' عندلیب
کفایت	Kafayat	ع	کافی ہونا' بچت' ضامن ہونا' ذمہ دار
کفاح	Kafah	ع	جدوجہد' کوشش' کشمکش' محنت
کفیل	Kafil	ع	ضامن' ذمہ دار
کفات	Kafayat	ت	شیر
کفالت	Kafalat	ع	ضمانت' ذمہ داری' بار اٹھانا' پرورش
کلبار	Kalbar	ت	ایک تورانی پہلوان کا نام
کلج	Kalj	ع	بہادر لوگ
کلیم اللہ	Kalim-Ullah	ع	اللہ تعالیٰ سے کلام کرنے والا' رب تعالیٰ سے گفتگو کرنے والا' حضرت موسیٰ علیہ السلام کا لقب۔
کلام	Kalam	ع	قول' بات' سخن' گفتگو

نام	English	زبان	معنی
کلال	Kalal	ع	ایک ولی اللہ کا نام حضرت سید امیر کلالؒ ۔ آپ خواجہ محمد بابا سماسیؒ کے خلیفہ ہیں۔ آپ کا وصال بروز جمعرات ۸ جمادی الاول ۷۷۲ھ کو ہوا۔ مزار مبارک سوخار میں واقع ہے۔
کلاں	Kalan	ف	اونچا' بزرگ' بڑا' طویل
کلیم	Kalim	ع	بات کرنے والا' گفتگو کرنے والا' کلام کرنے والا' ہم سخن
کلف	Kilf	ع	چاہنے والا' عاشق' محبت کرنے والا
کلمانی	Kalmani	ع	بہت بات کرنے والا' فصیح زبان والا
کلید	Kalid	ف	چابی' کنجی
کمال	Kamal	ع	قابلیت' ہنر' اہلیت' لیاقت' انوکھی بات' سہروردی سلسلہ کے صاحب کرامت بزرگ حضرت شاہ کمال سہروردیؒ ۔ مغل شہنشاہ شاہجہاں کے عہد میں آپ کا وصال ہوا۔ مقبرہ رحمان پورہ اچھرہ لاہور کے نزدیک راواں میں ایک اونچے ٹیلے پر واقع ہے۔
کمانڈر	Kamander	ف	کمانڈر' کمان رکھنے والا
کمل	Kamal	ع	کامل ہونا' پورا ہونا' مکمل ہونا
کماچ	Kamach	ت	موٹی روٹی
کماۃ	Kamat	ع	مسلح سپاہی' بہادر لوگ' دلیر لوگ
کمیل	Kamil	ع	مکمل' کامل' صفات سے بھرپور
کناف	Kannaf	ع	ساحل' سمندر کا کنارہ
کنام	Kunam	ع	چراگاہ' گھونسلا' محل
کنٹھ	Kanth	ہ	ہار' تسبیح' مالا' گلا' ایک ولی اللہ حضرت شاہ کنٹھ قادری نوشاہیؒ ۔ آپ مغل شہنشاہ نور الدین جہانگیر کے عہد میں افغانستان سے لاہور آئے اور یہیں قیام اختیار فرمایا۔ آپ کا مزار شاہ کنٹھ سٹریٹ گوالمنڈی لاہور میں واقع ہے۔

کنبور	Kanboor	ف	کڑک' گرج
کنور	Kanwer	ع	گرج' کڑک' رعد' بجلی کا چمکنا
کنور	Kanwar	ہ	راجہ' بادشاہ کا جانشین
کنول	Kanwel	ا	نیلوفر کا پھول' کول ڈوڈا
کنول نین	Kanwelnane	ا	کنول ایسی آنکھوں والا
کنوم	Kunum	ع	بھید کی پورے طور پر نگہداشت کرنے والا
کنوز	Kanooz	ع	خزانے' کنز کی جمع
کنف	Kanaf	ع	کنارہ' ساحل' سرا' پناہ' جانب
کنیف	Kanif	ع	پردہ کرنے والا
کنعان	Kanaan	ع	حضرت نوح علیہ السلام کے بیٹے کا نام جو نافرمان تھا۔
کنیش	Kanish	ف	عمل' کردار' کام' فعل
کنہیا	Kan Hayya	ا'ہ	سری کرشن جی' خوبصورت لڑکا معشوق
کنز الرحمن	Kanzurehman	ع	رحمن کا خزانہ' اللہ تعالیٰ کا خزانہ
کوشک	Koshek	ف	محل' قصر
کوشیار	Koshyar	ف	ایران کے ایک مشہور حکیم کا نام
کوفان	Kufan	ع	ریت کا تودہ' عزت' سرداری' بلندی' رنج و سختی
کوکب	Kokeb	ع	روشن ستارہ' تارا' تلوار' قوم کا سردار' لمبی گھاس' لوہے کی چمک
کوثر	Koser	ع	بہشت کی ایک نہر کا نام' ایک حوض کا نام جو جنت میں ہے۔ پاکستان کے ایک عالم دین اور سیاسی رہنما مولانا کوثر نیازی۔
کولاب	Kolab	ف	تالاب
کوشار	Koshar	ع	جدوجہد کرنے والا' کوشش کرنے والا' سامی
کوچہ	Kohcha	ف	چھوٹا سا پہاڑ' ٹیلا

کونین	Konain	ع	دونوں جہاں' دین اور دنیا' پاکستان کے ایک مشہور نعت خواں جناب منظور الکونین۔
کوکلتاش	Kokeltash	ت	دودھ شریک کا بھائی۔
کوردین	Kordin	ف	موٹی چادر' کمبل
کودک	Kodek	ف	بچہ' لڑکا
کوتک	Kotek	ف	ڈنڈا' چھڑی' لاٹھی
کہین	Kaheen	ف	بہت چھوٹا
کیخسرو	Ke-Khusro	ف	فارس کے ایک مشہور بادشاہ کا نام
کیازند	Kiazend	ف	بزرگ' حاکم' بادشاہ
کیاف	Kiaf	ف	فطرت
کیاں	Kian	ع	فطرت' طبیعت
کیدان	Kadaan	ع	ستارہ زحل
کیف	Kaif	ف	سرور' نشہ' خمار' مستی
کیف الاسلام	Kaif-ul-islam	ع	اسلام کا سرور
کیانی	Kayani	ع	خصلت والا' عادت والا' فطرت والا' سرشت والا
کیانی	Kyani	ف	وہ چیز جو عظیم الشان بادشاہوں کے لائق ہو
کیفی	Kaifi	ع	مست' مخمور' سرشار' ایک شاعر کا نام کیفی اعظمی۔
کیہان	Kehan	ف	زمانہ' جہاں' دنیا' کائنات
کیان	Kian	ع	فطرت' طبیعت
کیان	Kayan	ف	پورا ہونا' کامل ہونا' مکمل ہونا

کیوان	Kewan	ع	ساتواں آسمان، زحل ستارہ
کیس	Kas	ع	ہوشیار، زیرک، دانشمند، عقلمند
کیکاؤس	Kaikaus	ف	دہلی کے حکمران معزالدین کے بھائی کا لقب، فارس کے ایک قدیم بادشاہ کا نام
کیقباد	Keqbad	ف	دہلی کے حکمران معزالدین کا لقب، فارس کے ایک قدیم بادشاہ کا نام۔
کیاست	Keyasat	ع	دانشمندی، عقلمندی، معاملہ فہمی، دانائی

گ

نام	English	زبان	معنی
گابانگ	Gabang	ف	نعرہ جنگ، بلبل کے چہکنے کی آواز
گاذرونی	Gazroni	ف	ایک ولی اللہ کا نام۔ حضرت ابواسحٰق بن شہریار گاذرونی۔ آپ ایران کے رہنے والے ہیں۔ حضرت داتا گنج بخشؒ کے ہم عصر ہیں۔ ۴۲۶ھ میں وصال فرمایا۔
گارز	Garz	ف	دھوبی
گالاسا	Gallasa	ا	بہت، زیادہ، سفید، ملائم
گان	Gaan	ف	اہل، قابل، سزاوار، لائق، موزوں، مناسب
گاؤعنبر	Gau Amber	اُف	وہ سمندری گائے جس کی نسبت لوگ خیال کرتے ہیں کہ وہ عنبر اگلتی ہے۔
گرد آفریدی	Gardafreed	ف	ایک ایرانی شہزادی کا نام
گرزین	Gerzin	ف	عرش، آسمان، فلک، مرصع، تاج
گراحی	Garàhi	ف	محترم، مکرم
گرامی	Garami	ف	معظم، مکرم، محترم
گرگین	Gurgin	ف	ایران کے ایک مشہور پہلوان کا نام
گرزم	Gurzem	ف	ایک ایرانی نام
گرازی	Garazi	ف	بہادر، دلیر، جری، نڈر
گرگانی	Gargani	ف	ایک ولی اللہ حضرت شیخ ابوالقاسم گرگانیؒ۔ آپ حضرت داتا گنج بخشؒ کے دور میں گزرے ہیں۔ 450ھ میں وصال فرمایا۔

گریز	Guraiz	ف	چارہ علاج
گرین	Grain	ف	ناپسند
گزین	Guzien	ف	پسند کرنے والا، عمدہ، پسندیدہ
گزیر	Guzir	ف	چارہ علاج، تدبیر
گزیدہ	Guzida	ف	منتخب کیا ہوا، پسند کیا ہوا، چنا ہوا، پسندیدہ
گسیل	Gasil	ف	روانہ کرنا، رخصت کرنا، بھیجنا
گستہم	Gustehem	ف	فارس کے بادشاہ منوچہر کے پوتے کا نام، ایک ایرانی پہلوان کا نام
گل زیبا	Gull-e-Zaba	ف	دو رنگ کا پھول، گل رعنا
گل عذرا	Gull-e-azra	ف	پھول جیسے رخساروں والا
گل کوکب	Gulkokab	ف	ڈیلیا کا پھول
گل ہاشم	Gulhasham	ف	چنبیلی کا پھول
گلیم	Galim	ف	موٹی چادر، دھسہ، کمبل
گلیم پوش	Galeemposh	اُف	کمبل پوش جو کمبل اوڑھے رکھے
گل آفتاب	Gull-e-Aftab	ف	سورج مکھی کا پھول
گل ابر	Gullabar	ف	بادل کا ٹکڑا
گل احمر	GulAhmer	ف	گلاب کا پھول
گلریز	Gulraiz	ف	پھول جھڑنے والا۔ پھلجھڑی
گلستان	Gulsitan	ف	باغ، پھلواڑی، چمن، گلزار، رونق، ایک نام امیر گلستان
گلشن آراء	Gulshan Ara	ف	مالی، باغ کو سجانے والا
گل شگفتہ	Gullshaguftah	ف	کھلا ہوا پھول، آگ کا انگارہ

نام	English	زبان	معنی
گل صنوبر	Gull-e-Sanober	ف	پھول
گل لالہ	Gull-e-lala	اُف	ایک قسم کا سرخ پھول
گل مالا	Gullmala	اُہ	گجرا' گلے کا ہار
گل مان	Gulman	ف	پھول کی جان
گلنار	Gulnar	ف	انار کا پھول' سرخ رنگ
گل نسرین	Gull-e-nasreen	اُف	جنگلی پھول' سیوتی
گل رخ	Gulrukh	ف	گلاب کے پھول جیسے گال والا
گل رعنا	Gull-e-rana	اُف	ایک قسم کا سرخ' زرد' پھول' معشوق
گل جان	Guljan	ف	پھول کی جان
گلچین	Gullcheen	ف	پھول چننے والا' مالی
گل	Gill	ف	مٹی۔ خاک
گلفام	Gulfam	ف	پھول جیسے چہرے والا
گلفشاں	Gullfishan	اُف	پھول بکھیرنے والا' خوش گفتار
گل	Gull	ف	پھول
گلاب	Gulab	ف	پھولوں کی ایک قسم کا نام۔ پاکستان ٹیلی ویژن کے ایک مشہور اداکار گلاب چانڈیو۔
گلالا	Galala	اُ(قدیم)	پھول کا زیرہ
گل خندہ	Gullkhandah	اُف	منہ کھول کر ہنسنا' قہقہہ
گلدم	Gulldam	اُف	بلبل کی ایک قسم کا پرندہ جس کی دم سرخ پھول جیسی ہوتی ہے
گلزار	Gulzar	ف	گلستان' چمن' باغ' پھلواڑی
گلبار	Gulhaar	ف	پھول برسانے والا
گلباز	Gulbaz	ف	پھولوں سے کھیلنے والا
گلبار	Gulbar	ف	پھول برسانے والا

گلبن	Gulban	ف	گلاب کا پودا
گل برگ	Gullbargh	اُف	گلاب کی پنکھڑی' مجازاً لب معشوق سفید رنگ کا ایک خوشبودار پھول جس کے پودے کا رنگ ہلدی کی طرح ہوتا ہے
گلبزار	Gulbazar	ف	چمن
گل بکاوَلی	Gull Bakauli	اُف	سفید رنگ کا ایک خوشبودار پھول جس کے پودے کا رنگ ہلدی کی طرح ہوتا ہے
گلفشاں	GulFishan	ف	پھول برسانے والا' پھلجھڑی
گلزمین	Gulzamin	ف	زمین کا خوبصورت ترین حصہ۔
گل جعفری	GullJafri	ف	پیلے رنگ کا گیندے کی طرح کا پھول۔
گل انداز	Gulandaz	ف	پھول توڑنے والا
گل اندام	Gull-e-Andam	ف	نازک بدن' پھول جیسے جسم والا محبوب
گنج بخش	GunjBaksh	ف	خزانہ بخشنے والا' فیض پہنچانے والا' سخی' مشہور ولی اللہ حضرت سید علی ہجویری المعروف حضرت داتا گنج بخشؒ۔ مزار مبارک لاہور میں واقع ہے۔
گھلن	Guillan	ف	ایک ولی اللہ کا نام۔ حضرت گھلن شاہ قادریؒ۔ مزار مبارک موری گیٹ لاہور کے باہر باغ میں واقع ہے
گدا	Gada	ف	طلب کرنے والا' مانگنے والا' لاہور کے ایک ولی اللہ حضرت شاہ گدا قادری شطاریؒ۔ مزار مبارک گڑھی شاہو لاہور میں واقع ہے۔
گنج	Ganj	ف	خزینہ' گنجینہ' خزانہ
گنجینہ	Ganjeenah	ف	خزانہ' دفینہ' ذخیرہ' مال گودام

گنجور	Ganjoor	ف	خزانے کا مالک' خزانچی' خازن
گنیس	Ganees	ہ	شوجی اور پاربتی کا بیٹا' جسے ہندو دانائی اور مشکل کشائی کا دیوتا مانتے ہیں
گوتل	Gotal	ت	روشن
گولنداز	Golandaz	ف	برقو پچی
گوناب	Gonaab	ف	سنہری سرخی' گلگونہ
گونداز	Gondaz	ف	توپ چلانے والا' توپچی
گونل	Gonal	ت	منور' روشن' تاباں
گوزیل	Gozil	ت	دلیر' جری' نڈر' شجاع' بہادر
گوہری	Gohri	ف	جوہری' موتی والا' جواہرات والا
گونسل	Gonsel	ت	مقدس یوم' متبرک دن' پاکیزہ روز
گوہربار	Goharbar	ف	سخی' موتی برسانے والا
گوہرتاب	GoherTab	ف	موتی کی مانند چمکنے والا
گوندز	Gondz	ت	سورج۔ آفتاب۔ صاف چمکتا
گوہر	Goher	ف	موتی' لاہور کے ایک ولی اللہ حضرت سید گوہر علی شاہ۔ مزار مبارک حضرت میاں میر صاحب کے مزار کے قریب ہی واقع ہے۔
گورکھ	Gorkh	ف	ایک ولی اللہ کا نام۔ حضرت دیوان گورکھ قادریؒ۔ مزار مبارک چار دیواری مقبرہ حضرت شاہ حسینؒ باغبانپورہ میں واقع ہے۔
گویر	Goair	ف	میدان' جنگل' سیراب
گونیش	Gonish	ت	سورج' آفتاب' شمس
گیتی آراء	Geeti Ara	ف	دنیا کو سجانے والا' دنیا کو زینت دینے والی

گیتی آفرین	Geeti Afrin	ف	عالم کا پیدا کرنے والا' خدائے تعالیٰ
گیتی فراز	Geeti Fraz	ف	دنیا کو روشن کرنے والا' سورج
گیتی فروز	GaitiFeroz	ف	دنیا کو روشن کرنے والا' دنیا کو منور کرنے والا
گیہان	Gehan	ف	جہاں' دنیا' زمانہ
گیتی بان	Getiban	ف	دنیا کا محافظ' دنیا کا رکھوالا' دنیا کا نگہبان
گیر	Gair	ف	تھامنے والا' پکڑنے والا
گیسودراز	Gaisu Draz	ف	جس کے بال بہت لمبے ہوں۔ سلسلہ چشتیہ کے مشہور ولی اللہ حضرت سید محمود گیسودرازؒ۔ مزار مبارک دکن بھارت میں ہے۔
گیش فروز	Gaishfroz	ف	دنیا کو منور کرنے والا
گیلانی	Gilani	ف	پہلجوی' خزاں کا موسم' گلدستہ' عراق کے ایک صوبہ یا نواح بغداد کے ایک گاؤں کا نام' حضرت عبدالقادر جیلانیؒ سے نسبت رکھنے والا

ل

لابد	Laabid	ع	سیر
لاتب	Latab	ع	چمٹنے والا' اپنی جگہ قاوم رہنے والا
لاجورد	Lajward	ف	ایک قیمتی نیلا پتھر
لامر	Lamar	ع	گونگا
لامز	Lamz	ع	اشاروں سے بات کرنے والا
لاعب	Laib	ف	کھیلنے والا' کھلاڑی
لامس	Lames	ع	چھونے والا
لامع	Lamay	ع	چمکنے والا' تاباں
لائق	Laiq	ع	اہل' قابل' مناسب' موزوں
لارب	Laarab	ف	چمٹنے والا
لاریب	Laraib	ع	بلاشبہ' بے شک' یقیناً
لازق	Laziq	ف	چپکنے والا
لازب	Lazib	ف	لگنے والا' چمٹنے والا
لاحظ	Laahiz	ع	انتظار
لاحف	Lahef	ع	مدد کرنا' ساتھ رہنا' امداد کرنا' حمایت کرنا
لاہب	Laheb	ف	بلند شعلوں والی آگ
لاہز	Lahiz	ع	پہاڑ اور ٹیلہ جو راستے کو تنگ بنا دے
لاہف	Lahef	ف	مظلوم' فریادی
لاچین	Lachin	ت	ترکوں کے ایک قبیلہ کا نام' شاہین پرندہ
لائم	Laim	ع	ملامت کرنے والا

لافظ	Lafiz	ع	دُنیا' سمندر
لاگم	Laagam	ع	عنان حکومت
لائح	Laih	ع	چمکنے والا' تاباں' ظاہر' روشن
لال	Laal		سرخ' احمر' سوہا' دہکتا ہوا' خشمناک' پیارا' غصے میں بھرا ہوا' لاڈلا بیٹا' فرزند' ناز پروردہ
لالہ فام	Lala Fam	ف	سرخ چہرے والا' لال
لالہ	Lalah	ف	سرخ رنگ کا پھول' لاہور کے ایک ولی اللہ حضرت لالہ بیگ قادری نوشاہیؒ ۔ آپ کا انتقال 1143ھ میں ہوا۔ قبر مبارک لاہور میں ہے۔
لادن	Laden	ف	عنبر' ایک خوشبو
لاثانی	Lasani	ع	یگانہ' یکتا' بے مثل' بے نظیر' جس کی مانند کوئی نہ ہو' مشہور ولی اللہ حضرت پیر سید جماعت علی شاہ کا لقب
لاڈا	Lada	ہ	پیارا' معشوق' ناز و نعمت سے پالا ہوا' عاشق' دولہا
لبری	Labree	انگریزی	آزاد خیال' خود مختار' مطلق العنان سب کا بھلا چاہنے والا' جمہوری اور معاشرتی اصطلاحات کا حامی اور خیر خواہ
لبیب	Labib	ع	دانا' عقلمند' دانشمند' زیرک
لبق	Labq	ع	ہوشیاری' چالاکی' دانائی' سمجھداری' شعور
لبیق	Labiq	ع	دانا' دانشمند' عقلمند
لبین	Labin	ع	پرورش کیا ہوا' پالا ہوا' دودھ پلایا ہوا
لبید	Labid	ع	مشہور صحابی اور شاعر حضرت لبید بن ربیعہؓ ۔ آپ کی کنیت ابوعقیل ہے۔

لُبیہ	Lubih	ع	ایک صحابی حضرت عبداللہؓ کے والد کا نام۔ حضرت عبداللہ بن لُبیہؓ کو حضور نبی کریم ﷺ نے صدقات وصول کرنے پر عامل مقرر کیا تھا۔
لتاف	Lataaf	ع	مہارت' کمال' ہوشیاری
لقب	Laqab	ا'ع	وہ نام جو کسی خاص مدح یا خرم کے سبب پڑ گیا ہو۔ جمع القاب
لقس	Laqis	ع	لوگوں کے لقب رکھنے والا' مسخرا حریص غیر مستقل مزاج
لقیط	Laqit	ع	حضور نبی کریم ﷺ کے ایک غلام حضرت ابولقیطؓ۔ آپ حضرت عمر فاروقؓ کے زمانہ خلافت تک حیات رہے۔
لبابہ	Lubabah	ع	حضور نبی کریم ﷺ کے جانثار صحابی حضرت ابولبابہ رفاعہؓ۔ آپ نے غزوہ بدر میں بھی حصہ لیا۔ آپ نے حضرت علیؓ کے عہد خلافت میں وصال فرمایا
لجین	Lajin	ع	خالص چاندی
لجاف	Lajaaf	ع	پہاڑ کا غار
لجام	Lajam	ع	عنان' باگ' لگام
لبان	Luban	ع	دودھ بیچنے والا
لحام	Luham	ع	سونے چاندی کا ٹکڑا
لحیانی	Lihyani	ع	لمبی داڑھی والا آدمی
لحیم	Laheem	ع	موٹا' فربہ
لخشان	Lakhshan	ع	نہایت صاف ستھری چیز
لرگیماس	Largamass	ع	زعفران' کیسر
لزاز	Lizaz	ع	دروازہ کا پشتیبان' سریش' بہت چپکنے والی چیز' حضورؐ کے گھوڑے کا نام
لزوق	Luzuq	ع	چپکنا

لزیق	Luziq	ع	پاس، نزدیک، قریب، ساتھی، رفیق
لزیر	Luzir	ع	متقی، پرہیزگار، پارسا
لزم	Luzm	ع	منصف، حاکم، فیصلہ کرنے والا
لسان	Lisan	ع	اسلام کی زبان
لدھے شاہ	LadheShah	ع	لاہور کے ایک ولی اللہ حضرت شیخ لدھے شاہ قادریؒ۔ آپ نے مہاراجہ رنجیت سنگھ کے عہد میں وصال فرمایا۔ قبر مبارک حضرت شاہ محمد غوث قادریؒ کے مزار بیرون دہلی گیٹ لاہور کے قریب ہے۔
لشکر	Lashker	ف	فوج، ہجوم، سپاہ، جیش
لشکری	Lashkeri	ف	فوجی، سپاہی
لضیف	Lazeef	ع	مخلوط گروہ، گھنے درخت، درختوں کا جھنڈ
لطفان	Lutfan	ع	نرمی کرنے والا، کرم کرنے والا، مکرم، مہربان
لطافت	Latafat	ع	قابلیت، خوبی، عمدگی، اہلیت
لطیف	Latif	ع	نرم، نازک، باریک بین، ملائم، مشہور ولی اللہ حضرت بری امام کا اصلی نام حضرت شاہ عبداللطیف قادریؒ۔ مزار مبارک اسلام آباد سے تقریباً تین کلومیٹر کے فاصلہ پر نو پور شاہاں میں واقع ہے۔
لطاف	Lataf	ع	بہت نرمی برتنے والا
لطف	Lutf	ع	عمدگی، نرمی، لذت، لاہور کے ولی اللہ حضرت لطف اللہ قادریؒ۔ 1155ھ میں وصال ہوا۔
لعل	Laal	ع	لال، سرخ نگینہ، لاہور کے ایک ولی اللہ حضرت شیخ لعل خیاط قادری نوشاہیؒ۔ آپ کا وصال 1187ھ میں لاہور میں ہوا
لصیف	Lasif	ع	تابندگی، درخشندگی، چمک، روشنی

لصیق	Laseeq	ع	پہلو میں بیٹھنے والا' برابر بیٹھنے والا
لعلین	Lalin	ع	سرخ نگینے کی مانند
لعلی	Lali	ع	سرخ رنگ
لعین	Laeen	ع	ملعون' مردود' بد بخت' دوزخی
لفیظ	Lafeez	ع	پھینکا ہوا
لفیف	Lafif	ع	درختوں کا جھنڈ' گھنے درخت' لپٹا ہوا' دوست
لفاظ	Lafaz	ع	خوش بیان' بہت باتیں کرنے والا' خوش گو
لقا	Laqa	ع	شکل' صورت' دیدار
لقمان	Luqman	عبر	ایک مشہور حکیم کا نام' عقلمند' دانا' تجربہ کار' دانشمند' ذہین' فہیم' زیرک
لقاف	Laqaf	ع	کمال' مہارت' ہوشیاری
لقن	Laqan	ع	جلد سمجھنے والا' بہت سمجھدار
لقاحہ	Laqah	ع	حاضر جواب' حاضر دماغ
لقانت	Laqanat	ع	دانشمند ہونا' فہیم و فراست مند ہونا
لقاط	Laqat	ع	گرے ہوئے خوشوں کو اکٹھا کرنا
لقاعت	Laqat	ع	حاضر جواب ہونا
لمیح	Lamyah	ع	بہت کھانے والا' بہت جماع کرنے والا
لمیک	Lamik	ع	سرگیں آنکھوں والا
لماز	Lamaz	ع	آنکھ سے اشارہ کرنے والا
لمع	Lama	ع	روشنی' چمکنا' چمکنے والا' منور' تاباں و درخشاں
لمعاز	Lamaaz	ع	آنکھوں کے اشارے کرنے والا
لمعان	Lamaan	ع	چمکیلا' چمکنے والا
لموع	Limoo	ع	روشن ہونا' منور ہونا' چمکنا

لودھی	Lodhi	اُ ہ	ہندوستان کے مشہور افغان، شادی خاندان کا نام، پٹھانوں کا ایک قبیلہ
لوشا	Losha	ف	روم کے ایک مشہور مصور کا نام
لوط	Loot	ع	دل کو بھانے والی چیز، ایک پیغمبر علیہ السلام کا نام
لواز	Liwaz	ف	باہم ایک دوسرے کی حفاظت میں آنا
لواذ	Lawaz	ع	نزدیک، پاس، قریب
لوقا	Luqa	ع	حضرت عیسیٰؑ کے ایک حواری کا نام
لوید	Laweed	ف	دیگ، بڑا پتیلہ
لوذعی	Loozie	ع	دانشمند، عاقل، دانا، عقلمند، جلد سمجھنے والا، سمجھدار
لواش	Lawash	ت	باریک اور نرم چپاتی
لہری	Lehri	ہ	زندہ دل، منچلا، ظریف، ہنسانے والا، من موجی، لاہور کے ایک ولی اللہ حضرت بابا لہری شاہ قادری نوشاہیؒ۔ آپ کا وصال 1336ھ میں ہوا۔ مزار مبارک پیر غازی روڈ اچھرہ لاہور میں واقع ہے۔
لہنا	Lahna	اُ ہ	قسمت، نصیب، بھاگ، بخت، فائدہ
لہوم	Lahum	ع	بہت کھانے والا
لہیم	Lahim	ع	سبقت لے جانے والا، بازی لے جانے والا
لہاق	Lahaaque	ع	سفید بیل ہر سفید چیز
لہام	Liham	ع	الہام
لہراسپ	Luhr Asp	ف	ایران کے اسفندیار کے دادا کا نام
لئیق	Laeeque	ع	نزدیک، پاس، قریب
لئیق	Laeeq	ع	قابل، لائق، اہل، موزوں، مناسب
لئیم	Laeem	ع	سبقت لے جانے والا

لیست	Laeest	ع	مشکل
لیلوفر	Lilofar	ف	نیلوفر' کنول کا پھول
لیمان	Leman	ت	کھٹا' ترش
لیت	Lait	ع	مشکل' ناممکن
لیث	Lais	ع	ببر شیر' خوش بیاں
لیاقت	Liaqat	ع	اہلیت' قابلیت' خوبی' سمجھ' پاکستان کے سابقہ وزیر اعظم نواب زادہ لیاقت علی خان جن کو گولی مار کر شہید کر دیا گیا تھا۔
لیزم	Laizm	ع	نرم کمان' لچکدار کمان

م

مانج	Manaj	ف	سخی' فیاض
مانع	Maney	ع	منع کرنے والا' باز رکھنے والا' اللہ تعالیٰ کا صفاتی اسم مبارک۔
مانک	Mank	ہ	یاقوت' لعل
ماح	Mah	ع	محو کرنے والا' حضور اکرم ﷺ کا اسم مبارک۔
مادخ	Madekh	ع	معزز' محترم' برگزیدہ' مکرم
ماعون	Maoon	ع	بارش' پانی
ماسد	Masid	ع	جہاں بہت شیر ہوں' شیر والا
ماہد	Mahid	ع	بچھانے والا
ماہر	Maher	ع	استاد کامل' ماہر' مہارت رکھنے والا
ماہ کنعان	Mah-e-kanan	ف	کنایتاً حضرت یوسف علیہ السلام
مامون	Mamoon	ع	محفوظ' بے خوف' حفاظت میں' عباسی خلیفہ مامون عبداللہ ابوالعباس جو ہارون الرشید کا بیٹا تھا۔
ماشاءاللہ	Mashallah	ع	اللہ تعالیٰ جو چاہے
مالک	Malik	ع	آقا' فقہ مالکی کے امام مالکؒ
مانت	Mant	ع	مانند' مثل' مشابہ
ماجد	Majid	ع	برگزیدہ' قابل عزت' قابل احترام' بزرگ' ایک ولی اللہ حضرت شیخ ماجد کردیؒ۔ آپ کا وصال 561 ھ کو ہوا۔ قبر مبارک جبل حمرین میں ہے۔
ماجل	Majal	ع	وادی یا پہاڑ کے دامن کا پانی
ماحل	Mahal	ع	جھگڑالو' لڑاکا

نام			معنی
ماخر	Makhar	ع	کشتی' ناؤ
مارب	Marb	ف	ضرورت
مارد	Mared	ع	بلند وبالا' اونچا' باغی' سرکش
ماروت	Maruat	ع	ایک فرشتہ کا نام
ماموں	Mamoon	ع	بارش' پانی' مینہ
مآرب	Marib	ع	مطلب' مقصد' ضرورت' حاجت
ماثد	Mased	ع	پہچاننے والا' شناخت کرنے والا
مائر	Mair	ع	نیک کام کرنے والا
مانح	Manih	ف	فیاض' سخی' سخاوت کرنے والا
مآب	Maab	ع	لوٹ کر آنے کی جگہ' ٹھکانا
مابوت	Mabuat	ع	تیز مزاج آدمی' غصیلا
مابور	Maboor	ع	حضور نبی کریم ﷺ کے صحابی اور آزاد کردہ غلام حضرت مابورؓ۔ آپ حضرت ماریہ قبطیہؓ کے عزیز ہیں۔ آپ کو مقوقس شاہ اسکندریہ نے سیدہ ماریہؓ کے ساتھ مدینہ میں بھیجا تھا۔
ماثر	Masir	ع	نیک لوگ' نشانیاں' علامات' اچھے آثار
ماثل	Masil	ع	صفت والا
ماثیل	Maseel	ع	مجسمہ ساز
ماہن	Mahin	ع	خادم' خدمت کرنے والا
ماصف	Masif	ع	صاف وشفاف
ماراب	Marab	ف	جو نیا نیا دولت مند ہوا ہو
ماری	Mari	ع	سینٹ' عیسائی' ولی
ماریا	Marria	ع	بلند' سرفراز' تیز
ماہچہ	Mahicha	ف	جھنڈے پر لگانے والا چھوٹا چاند

ماہتاب	Mahtab	ف	چاند
مانی	Mani	ف	ایک مشہور رومی نقاش کا نام
مانستہ	Manesta	ف	مانند، مشابہ، مثل
مالوف	Maloof	ع	مانوس، محبوب، جانا پہچانا
ماطر	Matir	ع	ابر، بادل، برسنے والا
مازق	Maziq	ع	میدانِ جنگ
مازن	Mazin	ع	اجازت دیا ہوا، پروانگی دیا ہوا
مازنی	Mazni	ع	علم نحو کے ایک مشہور عالم کا نام
ماذن	Mazan	ع	میدان جنگ
ماذون	Mazun	ع	مامور، مقرر، متعین، اجازت دیا گیا
مادح	Madeh	ع	تعریف کرنے والا، صفت بیان کرنے والا
ماشد	Mashad	ع	جہاں بہت شہر ہوں
ماہی	Mahi	ف	مچھلی، برج حوت، لاہور کے ایک ولی اللہ حضرت ماہی شاہ قادری۔ آپ کا مزار مبارک بال روڈ لاہور پر برلب سڑک دکانوں کے ساتھ واقع ہے۔
ماحی	Mahi	ع	مٹانے والا، محو کرنے والا
ماہیر	Mahir	ع	دلیر، شجاع، بہادر
مادھو	Madho	ہ	لاہور کے ایک مشہور بزرگ حضرت شیخ مادھو قادری۔ آپ شاہ حسین کے مرید خاص اور خلیفہ تھے۔ آپ کا وصال مغل شہنشاہ شاہجہان کے عہد میں 72 سال کی عمر میں 1056ھ کو ہوا۔ مزار مبارک باغبانپورہ میں ہے۔
مبازر	Mubazer	ع	لڑنے والا، جنگجو
مبارز	Mubarez	ع	فوجی سپاہی، جنگجو

نام	Name		معنی
مبتور	Mabtur	ع	رئیس' مالدار' بہت امیر' دولتمند
مبثور	Mabsoor	ع	بڑا دولت مند
مبلغ	Mubligh	ع	تبلیغ کرنے والا' پہنچانے والا' حضور سرورکائنات ﷺ کا صفاتی اسم مبارک۔
مبرم	Mubrem	ع	پائیدار' پکا' مستحکم' مضبوط
مبسام	Mibsam	ع	بہت مسکرانے والا
مبغم	Mabgham	ع	مالدار
مبین	Mubin	ع	روشن' واضح' عیاں' صاف' ظاہر ہونے والا
مبارک	Mubarek	ع	خوشخبری' مژدہ' تہنیت' خوش آئند' باعث برکت
مبشر	Mubashar		جس کی خوشخبری دی گئی ہو
مبشر	Mubasher	ع	خوشخبری دینے والا
مبرد	Mabrud	ع	سرد
مبدہ	Mibdah	ع	فی البدیہہ بولنے والا
مبروک	Mabruk	ع	مبارک' مژدہ' خجستہ' خوشخبری
مبدی	Mubdi	ع	پیدا کرنے والا' اللہ تعالیٰ کا صفاتی اسم مبارک
مبصر	Mubsir	ع	پرکھنے والا' جانچنے والا' دیکھنے والا
مبرا	Mobrra	ع	پاک' بے عیب
مبہج	Mubhaj	ع	خوش' پرمسرت' مسرور' شاداں' فرحاں
مبقی	Mubqi	ع	باقی رکھنے والا
مبرور	Mabrur	ع	مقدس' پاکیزہ' پاک' منزہ' قبول کیا ہوا
مبرز	Mubrez	ع	تاباں' درخشندہ' منور' روشن' ظاہر' عیاں' واضح' نامور' مشہور
مبدع	Mubdeh	ع	ایجاد کرنے والا' موجد
مبدرق	Mubrezq	ع	رہنما' رہبر' راستہ بتانے والا

متبسم	Mutbesem	ع	ہنسنے والا' مسکرانے والا
مبادِر	Mubadir	ع	عجلت کرنے والا' جلدی کرنے والا' جرأت کرنے والا
مباح	Mubah	ع	ٹھیک' جائز' روا
متانت	Matanat	ع	سنجیدگی' پائیداری' مضبوطی
متوسط	Mutwast	ع	میانہ رو' حضور سرور کائنات ﷺ کا صفاتی اسم مبارک
متیم	Mutim	ع	حکم ماننے والا' فرمانبردار' تابع فرمان
متعمد	Mutamid	ع	قصد کرنے والا' بالقصد کوئی کام کرنے والا
متعال	Mutaal	ع	بلند مرتبہ' عالی
متقی	Mutaqi	ع	عبادت گزار' پرہیز گار' صالح
متعالی	Mutaali	ع	بزرگ' برگزیدہ' برتر
متین	Mutin	ع	مضبوط' سنجیدہ' مستحکم' پائیدار' استوار
متنائم	Mutnaam	ع	نازک' ملائم' نرم' کومل
متادی	Mutadi	ع	پہنچانے والا
متالہ	Mutali	ع	اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے والا' عابد و زاہد
متبادر	Mutbadir	ع	فوری سمجھ میں آنے والا
متبسم	Mutbasam	ع	مسکرانے والا
متدین	Mutidin	ع	نیکوکار' ایماندار' دیندار' امانتدار
مترقب	Mutraqib	ع	انتظار کرنے والا
مترصد	Mutrasid	ع	آس رکھنے والا' امید رکھنے والا
متسع	Mutsey	ع	کھلا' کشادہ' فراخ' وسیع
متعبد	Mutabid	ع	عبادت کرنے والا۔ عابد و زاہد
متقاتی	Muttaqati	ع	بزرگ
متقارِب	Mutqarib	ع	ایک دوسرے کے قریب' ایک دوسرے کے نزدیک

متکبر	Mutakabir	ع	خود پسند' مغرور
متکفل	Mutkafil	ع	ضامن' کفیل' ذمہ دار' ذمہ لینے والا
متمائل	Mutmail	ع	آرزو کرنے والا' خواہش کرنے والا
متمم	Mutmam	ع	تکمیل کرنے والا' پورا کرنے والا
متوکل	Mutwakkal	ع	اعتماد کرنے والا' بھروسہ کرنے والا' عباسی خلیفہ متوکل جو کہ خلیفہ ہارون الرشید کا پوتا تھا' واثق باللہ کے انتقال کے بعد تخت پر بیٹھا' 5 شوال 247ھ میں قتل کر دیا گیا تھا۔
مثیل	Musil	ع	شبیہ' ہم مثل' مانند' ہو بہو' عمدہ' ہم شکل
مثاب	Musab	ع	صلہ کے لائق' اجر کے لائق
مثابت	Masabut	ع	مانند' ہم مثل' مشابہ' شبیہ
مثیب	Musib	ع	بدلہ دینے والا' عوض دینے والا' اچھائی کا بدلہ دینے والا
مثنیٰ	Musna	ع	دوسرا' ثانی' حضرت علیؓ کے پوتے اور امام حسنؓ کے صاحبزادہ حضرت حسن مثنیٰؒ۔
مثمر	Musmer	ع	پھل رکھنے والا' فائدہ مند
مثمور	Musmur	ع	بہت زیادہ' وافر' لاتعداد' بے انتہا
مثقال	Musqal	ع	سونے کا ایک سکہ
مجدد	Mujaddad	ع	نیا پیدا کیا گیا
مجدد	Majaddad	ع	نیا کام کرنے والا' تجدید کرنے والا' بغداد کے ایک مشہور ولی اللہ شیخ مجدد الدین بغدادیؒ۔ آپ حضرت نجم الدین کبریٰؒ کے خلیفہ تھے۔
مجاز	Mujaz	ع	راستہ' رہ گزر' خلاف حقیقت' جس کو اختیار دیا گیا ہو' ایک نام سرور مجاز۔
مجتہد	Mujtahid	ع	اجتہاد کرنے والا' کوشش کرنے والا

مجیب	Mujib	ع	قبول کرنے والا' جواب دینے والا' اللہ تعالیٰ کا صفاتی اسم مبارک' مشہور ادیب اور صحافی مجیب الرحمٰن شامی۔
مجاہد	Mujahid	ع	اللہ تعالیٰ کی راہ میں لڑنے والا
مجیر	Mujir	ع	مددگار' معین' دستگیر' حفاظت کرنے والا' پناہ دینے والا معاون
مجیز	Mujeeze	ع	ولی' سرپرست' یتیم کی نگرانی کرنے والا' وہ غلام جسے تجارت کرنے کی اجازت ہو
مجمل	Mujmal	ع	مختصر' اختیار' خلاصہ' انتخاب
مجید	Mujid	ع	پاک' بڑا' بڑا اعظیم
مجتبیٰ	Mujtaba	ع	برگزیدہ' منتخب' چنا ہوا' حضور نبی کریم ﷺ کا ایک صفاتی اسم مبارک۔
مجی	Muji	ع	آنا' وارد ہونا' ایک فائیٹر کا نام مجی شاہ۔
مجوز	Majuz	ع	رائے دینے والا' فیصلہ دینے والا' مشورہ دینے والا
مجنون	Majnoon	ع	احامید
مجنوں	Majnoon	ع	عاشق' دیوانہ' ایک شاعر کا نام مجنوں گورکھپوری۔
مجلیٰ	Mujla	ع	روشن' صاف' منور' تاباں' درخشندہ
مجدود	Majdood	ع	خوش بخت' خوش قسمت' مقدر والا
مجاہز	Mujahiz	ع	سامان ٹھیک کرنے والا' اسباب درست کرنے والا
مجاور	Mujawer	ع	ہمسایہ' پڑوسی' خدمت کرنے والا
محب	Muhib	ع	پیار کرنے والا' محبت کرنے والا' مغل شہنشاہ شاہجہاں کے دور کے ایک ولی اللہ حضرت شیخ محب اللہؒ۔ شرح فصوص الحکم آپ کی بہترین تصنیف ہے۔ مزار مبارک اکبر آباد میں ہے۔
محتان	Muhtan	ع	بہت بھلائی کرنے والا' بہت احسان کرنے والا

محتشم	Muhtasham	ع	امیر' دولت مند' رئیس' عزت والا' جاہ و جلال والا
محتضر	Muhatzar	ع	شہر میں آنے والا
محلل	Muhlal	ع	حلال کرنے والا
محستان	Muhstan	ع	بہت احسان کرنے والا' بہت بھلائی کرنے والا' بہت نیکی کرنے والا
محدث	Muhaddas	ع	وہ آدمی جس کا گمان سچا ہو
محرم	Muharram	ع	پہلا اسلامی مہینہ' صبح کرنے والا' وہ عزیز جس سے شرعی طور پر پردہ کرنا ضروری نہ ہو' خانہ کعبہ کی چاردیواری
محاد	Mahaad	ع	مقابلے کی جگہ' میدان
محاقل	Mahaqel	ع	کسان' کھیتی کرنے والا
محامل	Muhamil	ع	عمدگی' نیکیاں' بھلائیاں' اچھائیاں
محرور	Mahrur	ع	حرارت والا' گرم
محروس	Mahruse	ع	حفاظت کیا ہوا
محاص	Muhas	ع	آسمانی بجلی' چمکنے والی بجلی
محاصب	Muhasib	ع	حساب کرنے والا
محسن	Mohsin	ع	احسان کرنے والا' بھلائی کرنے والا' پاکستان کے ایک مشہور کرکٹر محسن حسن خان۔
محسنان	Mohsinan	ع	بھلائی کرنے والا
محمر	Mehmer	ع	بوجھ اٹھانے والا گھوڑا' لوہے کا کوئی اوزار جس سے کھال یا بال اتارے جائیں
محمود	Mahmood	ع	تعریف کیا گیا' پسندیدہ' سلسلہ چشتیہ کے ایک ولی اللہ سید محمود گیسودراز۔ آپ نے 104 برس کی عمر میں وصال فرمایا۔
محود	Mahood	ع	تعریف کیا گیا

نام	انگریزی	زبان	معنی
محی	Mohi	ع	زندگی عطا کرنے والا' حیات بخشنے والا' زندہ کرنے والا' اللہ تعالیٰ کا صفاتی اسم مبارک۔ ایک مشہور بزرگ حضرت شیخ محی الدین عربی۔ آپ کی تصانیف کی تعداد پانچ سو سے زیادہ ہے۔ آپ کا مزار دمشق میں ہے۔
محیث	Mahees	ع	بادشاہ
محیط	Muhit	ع	گھیرا ہوا' احاطہ کرنے والا
محکام	Mohkam	ع	قائم' مضبوط' استوار' پکا' ایک نام محکم الدین۔
محترم	Mohtrem	ع	مغلیہ دور کے ایک مشہور حضرت شیخ محترم نقشبندی۔ آپ شہنشاہ اکبر کے زمانہ میں لاہور تشریف لائے۔ اورنگزیب عالمگیر کے زمانہ میں آپ کا وصال ہوا۔ آپ کا مقبرہ سمن نگر جی ٹی روڈ لاہور میں واقع ہے۔
محاصر	Mahasir	ع	گھیرنے والا' محاصرہ میں لینے والا
محیر	Muhayyur	ع	حیران کرنے والا' حیرت میں ڈالنے والا
محی الدین	Muhayyudin	ع	دین کو زندہ کرنے والا' مغل شہنشاہ محی الدین اورنگزیب عالمگیر۔
محمد	Muhammad	ع	بہت تعریف کیا ہوا' حضور سرور کائنات ﷺ کا اسم مبارک۔
محفوظ	Mahfooz	ع	جس چیز کی حفاظت کی جائے' مامون' باحفاظت
محظوظ	Mahzooz	ع	خوش قسمت' خوش بخت' بختاور' مزہ اٹھانے والا' مالدار' بہرہ مند
محصن	Muhsin	ع	متقی' پرہیزگار' عبادت گزار
محسود	Mahsood	ع	جس سے رشک کیا جائے' رشک کیا ہوا
محذور	Mahzoor	ع	ڈرانے والا
محذورہ	Mahzooraa	ع	ایک صحابی حضرت اوس بن مغیرہ کی کنیت۔ ابومحذورہ۔ آپ حضور نبی کریم ﷺ کے دور میں مؤذن تھے۔ آپ مکہ مکرمہ میں اذان دیا کرتے تھے۔

محراک	Mihraq	ع	حرکت کرنے والا' حضرت یعقوب علیہ السلام کا ایک نام
محتسب	Muhtasib	ع	حساب کرنے والا' محاسبہ کرنے والا
محتجب	Muhtajib	ع	پردہ کرنے والا' چھپنے والا' پوشیدہ
محبوب	Mahboob	ع	دوست' پیارا' رفیق' حبیب
محبوس	Mahabuss	ع	اپنے زمانہ کا معزز آدمی جس کا سب حکم مانتے ہوں
محافظ	Muhafiz	ع	نگہبان' رکھوالا' نگرانی کرنے والا' حفاظت کرنے والا
محافل	Mahafil	ع	محفل' انجمن
محمش	Mahmish	ع	نیشا پور ایران کے ایک مشہور بزرگ عالم دین کا نام
محشف	Mahshaf	ع	راہبر' ولیہ
محشم	Mahsham		رئیس' حشمت والا' دولت مند
محشود	Mahashud	ع	وہ آدمی جس کا لوگ حکم مانیں اور اس کی خدمت میں دوڑ کر آئیں
محشور	Mahshoor	ع	قیامت میں اٹھایا گیا
محشر	Mahshar	ع	قیامت
محمت	Muhamt	ت	محمد (ﷺ) بہت تعریف کیا ہوا۔
محاسب	Muhasib	ع	حساب کرنے والا' محاسب کرنے والا
محصد	Muhzid	ع	خالص' اصل
محضر	Mahzar	ع	شاہی حاضری' درخواست' حاضر ہونے کی جگہ
محترس	Muhtris	ع	چوکنا' ہوشیار' خبردار' چوکس
محارب	Muhareb	ع	جنگ کرنے والا
محسان	Muhsaan	ع	بہت زیادہ احسان کرنے والا' بہت بھلائی کرنے والا
مخزن	Mukhzen	ع	خزینہ' خزانہ' جہاں پر خزانہ رکھا ہوا ہو۔
مخدوم	Makhdum	ع	قابل عزت' قابل احترام' قابل تعظیم' برگزیدہ' بزرگ

نام	English	زبان	معنی
مخشف	Mukhaf	ع	راہبر' دلیر
مخراق	Mukhraq	ع	خوبصورت جسم والا' حسین بدن والا
مختار	Mukhtar	ع	آزاد' مرضی کا مالک' با اختیار
مخشف	Mukhshaf	ع	رہنما' رہبر' راستہ دکھانے والا' دلیر' بہادر
مخل	Makhal	ع	کشادہ ہونے والا' کھلنے والا
مخلد	Mukhlid	ع	ہمیشہ' سدا' دائمی' مدام
مختوم	Makhtum	ع	سر بمہر' مہر لگا ہوا' ہنر مند' مہر شدہ
مخیل	Mukhayal	ع	جس کا خیال کیا جائے
مخضر	Mukhzir	ع	ہرا بھرا' سرسبز و شاداب' بابرکت' مبارک' سعد
مدثر	Madshar	ع	وہ جس کے کمبل لپیٹا ہوا حضور ﷺ کا لقب
مدون	Madoon	ع	مرتب' جمع کیا ہوا' منظم
مدعم	Madam	ع	حضور نبی کریم ﷺ کے ایک غلام کا نام۔ ان کو حضرت رفاعہ بن زید بن جذامیؓ نے بارگاہ رسالت میں پیش کیا تھا۔
مدبر	Mudabbir	ف	عقلمند' دانشمند' مصاحب تدبیر' دانا
مدیان	Madyaan	ع	بہت قرض دینے یا لینے والا
مدید	Mudid	ع	لمبا' دراز' طول
مدینہ	Madinah	ع	ایک مشہور شہر
مدحت	Midhet	ع	توصیف' ستائش' تعریف' صفت
مدین	Mudin	ع	جس سے حساب لیا گیا ہو' شیر
مدثر	Madasser	ع	کمبل پوش' جس نے کمبل لپیٹا ہوا ہو' حضور نبی کریم ﷺ کا صفاتی اسم مبارک۔
مدیح	Madih	ع	جس کی تعریف کی گئی ہو
مدنی	Madni	ع	مدینہ طیبہ کا رہنے والا

مدمن	Madammin	ع	کسی شے کو ہمیشہ کرنے والا
مدرب	Mudarrab	ع	تجربہ کار آدمی' شیر' سدھایا ہوا سواری کا اونٹ
مدرک	Mudriq	ع	دانشمند' عقلمند' فہیم' دانا' عاقل
مدام	Mudam	ع	ہمیشہ' سدا' دائمی
مندر	Mandar	ع	ڈرانے والا
مندیب	Mandeeb	ع	پگھلانے والا
مذکر	Muzkir	ع	یاد دلانے والا
مذنب	Maznab	ع	گنہگار
مرزاب	Murzab	ف	میزاب' پرنالہ
درشح	Dursheh	ف	پانی لگانا' سیراب کرنا
مرام	Muram	ع	مقصد' مراد' مطلب' مدعا' غرض
مربی	Murabbi	ع	پرورش کرنے والا' پالنے والا
مراتب	Muratib	ع	بلندیاں' درجات' بلند مقام
مرزوق	Merzuk	ع	خوش قسمت' نیک بخت' خوش نصیب
مریان	Meryaan	ع	رات کو چلنا ایک شے کا دوسری شے میں ضم ہونا
مرید	Mureed	ع	پیروکار' معتقد' شاگرد
مرتسم	Murtasam	ع	نقش پکڑنے والا
مرتضیٰ	Murteza	ع	پسندیدہ' مقبول' حضرت علیؓ کا لقب
مرتمور	Martmoor	ت	افسر
مریح	Mareeh	ع	رہا کرنے والا' آزاد کرنے والا
مرتاض	Murtaz	ع	عبادت کرنے والا' ریاضت کرنے والا

مراد	Murad	ع	تمنا' خواہش' آرزو' ایک مسلمان حکمران سلطان مراد خان اول جو سلطان ارخان کا چھوٹا بیٹا تھا۔ 761ھ میں چالیس سال کی عمر میں تخت نشین ہوا۔ یہ تیسرا عثمانی سلطان تھا۔
مرصاد	Mursad	ف	امید گاہ' انتظار کرنے والا
مرصد	Morsed	ف	انتظار کرنے والا' منتظر
مرسل	Mursel	ع	ارسال کیا ہوا' بھیجا ہوا
مرتاج	Murtaj	ف	عیش کرنے والا
مرشح	Murshah	ف	سیراب
مرشد	Murshed	ع	ہدایت کرنے والا' استاد' پیر
مریر	Marir	ع	دلیر' بہادر' جری' مضبوط' قوی
مروح	Marooh	ع	خوشبودار' خوش' راضی' پُر مسرت
مروت	Murwat	ع	بہادری' دلیری' اخلاق
مرصود	Mursood	ف	جانچا ہوا' پرکھا ہوا
مرصوص	Marsus	ع	مستحکم' مضبوط' پائیدار
مرزا	Mirza	ف	امیر زادہ' رئیس' دولت مند' خاندان تیموریہ کے شہزادگان کا لقب
مرتقی	Murtaqa	ع	بلند ہونے والا' اوپر چڑھنے والا
مرتعش	Murtaish	ع	کانپنے والا' بغداد کے ایک ولی اللہ حضرت مرتعشؒ۔ آپ کا وصال 328ھ میں ہوا۔ حضرت جنید بغدادیؒ کے خلیفہ تھے۔
مرتضوی	Murtezvi	ع	حضرت علیؓ سے منسوب
مربح	Murbeh	ع	فائدہ مند' سودمند
مراح	Mirah	ع	مسرت' راحت' خوشی' شادمانی
مرابط	Murabit	ع	آپس میں لگاؤ رکھنے والا

مرغوب	Marghoob	ع	پسندیدہ' پاکستان کے مشہور نعت خواں حافظ مرغوب احمد ہمدانی
مراشد	Murashid	ع	سیدھی راہیں' سیدھے راستے
مروان	Mervan	ع	حضرت عثمان غنیؓ کے چچازاد بھائی کا نام۔
مرات	Merat	ع	خواہش' تمنا' آرزو' مراد
مزئر	Muzear	ع	دھاڑنے والا شیر
مزیز	Maziz	ع	وافر' کثیر' بہت' فاضل
مزلل	Muzalil	ع	بہت خیر و احسان کرنے والا آدمی
مزاحم	Mazaham	ع	روکنے والا' باز کرنے والا' ایک ولی اللہ حضرت شیخ ابومزاحم شیرازیؒ۔ آپ نے چالیس برس تک مکہ مکرمہ کی مجاوری کی۔ تیس برس تک حضرت جنید بغدادیؒ کی خدمت میں رہے۔ 348ھ میں وصال فرمایا۔
مزین	Mazzayan	ع	سجانے والا' زیبائش کرنے والا' آرائش کرنے والا
مزہد	Mazhad	ع	کم مال والا
مزہر	Muzher	ع	مہمان نواز
مزاحم	Muzaham	ع	روکنے والا ہجوم کرنے والا
مزمل	Muzzamil	ع	حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کا لقب مبارک۔
مزار	Muzar	ع	کھیتی باڑی کرنے والا' کسان
مزبور	Mazboor	ع	لکھا ہوا' تحریر شدہ' قلم بند
مزکی	Muzzaki	ع	زکوٰۃ ادا کرنے والا' پاک کرنے والا
مزیل	Muzzayal	ع	مٹانے والا' دور کرنے والا
مستور	Mastoor	ع	پوشیدہ' پردے میں' چھپا ہوا' پنہاں
مسالک	Musalik	ع	راہیں' راستے
مستبد	Mustabid	ع	مرضی کا مالک' خودمختار' بااختیار

نام	English	زبان	معنی
مسلم	Muslim	ع	مسلمان' اسلام کا پیروکار' امام حسینؓ کے چچازاد بھائی حضرت مسلم بن عقیلؓ آپ کو عبیداللہ بن زیاد کے حکم سے کوفہ میں شہید کردیا گیا۔
مساہر	Masahir	ع	جاگنے والا' بیدار رہنے والا
مساہز	Masahiz	ع	بیدار کرنے والا
مسہد	Mashed	ف	بیدار کیا ہوا' جگایا ہوا۔
مسہر	Mashar	ف	جگایا ہوا
مستان	Mastan	ع	دیوانہ' مجنوں' متوالا' مستانہ
مستجاب	Mustajab	ع	منظور کیا گیا' قبول کیا گیا' ایک نام احمد مستجاب۔
مستطاب	Mustatab	ع	پرمسرت' خوش' مسرور' مزیدار' صاف' پاک' منزہ' پاکیزہ
مسیح	Masih	ع	زندہ کرنے والا' حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا لقب مبارک
مستقیم	Mustaqeem	ع	سیدھا
مستعین	Mustaeen	ع	مدد کا طلب گار' مدد طلب کرنے والا' ایک عباسی خلیفہ مستعین باللہ جو خلیفہ ہارون الرشید کا پوتا تھا' یہ منتصر باللہ کے بعد تخت خلافت پر بیٹھا تھا۔
مسبح	Musbeh	ع	اللہ تعالیٰ کی تسبیح بیان کرنے والا
مستقیم	Mustaqim	ف۔ع	سیدھا' صحیح' ٹھیک' درست
مستقسم	Mustaqassim	ع	بدلہ لینے والا
مسیب	Musayyab	ع	بااختیار' خودمختار' مرضی کا مالک
مسیر	Maseer	ع	سیر کرنے کا مقام' سیر کرنا
مسعود	Masood	ع	نیک' مبارک' سودمند' اچھا' سعد' حضور نبی کریم ﷺ کے ایک صحابی حضرت مسعود بن رجیلؓ' حضور ﷺ نے آپ کو بنی عبس پر عامل مقرر فرمایا تھا۔

مساعد	Masaad	ع	معاون' مددگار' مدد کرنے والا
مسطور	Mastoor	ع	تحریر شدہ' لکھا گیا
مسکین	Maskeen	ع	نادار' غریب' لاہور کے ایک ولی اللہ حضرت مسکین شاہ امری قادریؒ۔ آپ مغل شہنشاہ شاہجہاں کے عہد میں وصال کر گئے۔ آپ کا مزار مبارک لاہور کینٹ میں واقع ہے۔ مزار مبارک شہزادہ داراشکوہ قادریؒ نے بنوایا تھا۔
مسکور	Maskoor	ع	نرم آواز
مستنصر	Mastanser	ع	مدد طلب کرنے والا' ایک عباسی خلیفہ کا نام جو بہت انصاف پسند تھا پورا نام مستنصر باللہ۔
مستکفی	Mustakfi	ع	کفایت کا خواہاں' ایک عباسی خلیفہ جو صفر 333ھ کو اکتالیس سال کی عمر میں بغداد کے تخت پر بیٹھا' ایک سال چار ماہ تک برائے نام خلافت کی اور قید کی حالت میں 338ھ میں انتقال کر گیا۔
مسرشع	Musrashay	ف	پانی لگانا
مسرور	Masroor	ع	خوش' پر مسرت' شادمان' پاکستان کے ایک مشہور شاعر مسرور انور محبت کرنے والا' انس کرنے والا' چاہت کرنے والا' مانوس' خوگر' عادی
مستاہل	Mustahil	ع	قابل' لائق' اہل' سزاوار' موزوں' مناسب
مستبشر	Mustabsher	ع	خوشخبری چاہنے والا' خوشی کا خواہاں
مستبصر	Mustabser	ع	باطنی بینائی کا طلب گار' دل کی بینائی کا خواہاں
مستجیر	Mustajir	ع	امان طلب کرنے والا' پناہ مانگنے والا
مستبین	Mustabin	ع	روشن' ظاہر' عیاں' آشکارا
مسفر	Musfer	ع	منور' روشن' سفید
مستنیر	Mustanir	ع	روشنی' روشنی کا خواہاں

مستظہر	Mustezher	ع	مدد کا طلب گار' ایک عباسی خلیفہ مستظہر باللہ جو سولہ سال کی عمر میں تخت خلافت پر بیٹھا۔ چوبیس سال تین مہینے خلافت کرنے کے بعد انتقال کر گیا۔
مستمر	Mustimer	ع	مضبوط' پکا' دائمی' سدا' ہمیشہ
مستمد	Mustamad	ع	مدد مانگنے والا' امداد کا طلب گار
مستکرم	Mustekrim	ع	معافی طلب کرنے والا' بخشش مانگنے والا
مستفسر	Mustafsir	ع	پوچھنے والا' تحقیق کرنے والا' جستجو کرنے والا' محقق
مستغنی	Mustaghni	ع	مالدار' دولت مند' رئیس' آزاد' بے پرواہ
مستطاع	Mustataa	ع	تابعدار' مطیع' فرمانبردار
مستفی	Mustafi	ع	روشنی طلب کرنے والا' ایک عباسی خلیفہ مستفی بامر اللہ۔ اس نے ساڑھے نو سال تک خلافت کی۔
مستشیر	Mustashir	ع	مشورہ مانگنے والا' رائے طلب کرنے والا
مسترشد	Mustershud	ع	ہدایت کا طلب گار' مرید' ایک عباسی خلیفہ مسترشد باللہ جو 27 سال کی عمر میں تخت نشین ہوا۔ 529ھ سولہ ذیقعدہ میں قتل ہو گیا۔
مستحسن	Mustehsin	ع	نیک' پسندیدہ' بہتر' خوب
مستحکم	Mustahkam	ع	پائیدار' مضبوط
مستفید	Mustafeed	ع	فائدہ چاہنے والا' فائدہ اٹھانے والا
مستنجد	Mustanjid	ع	ایک عباسی خلیفہ مستنجد باللہ' اس خلیفہ کے عہد میں حضرت غوث اعظم سید عبدالقادر جیلانیؒ کا وصال ہوا۔
مشدار	Mashdar	ع	منظر
مشیت	Mushiyat	ع	رضامندی' مرضی' خواہش' منشاء
مشارب	Musharib	ع	سبیل' طریقے

مشام	Masham	ع	دماغ' سونگھنے کی قوت
مشاہد	Mushahid	ع	دیکھنا' دید' معائنہ
مشاہدہ	Mushahadah	ع	معائنہ کرنا
مشرب	Mashrab	ع	پانی پینے کا برتن
مشرب	Mushrab	ع	نہر' چشمہ' مذہب' دین
مشرف	Musharaf	ع	اونچا' شرف یافتہ' بلند و بالا
مشعر	Musher	ع	خبر دینے والا' عیاں کرنے والا' آشکارا کرنے والا' اطلاع دینے والا' ظاہر کرنے والا۔
مشہود	Mashhood	ع	حاضر کیا ہوا' موجود' گواہ' شاہد
مشوار	Mishwar	ع	نظارہ' منظر
مشید	Mushayed	ع	پکا کیا ہوا' مضبوط کیا ہوا' اونچا' بلند و بالا
مشکاۃ	Mashkat	ع	طاق' چراغ رکھنے کا طاق
مشکور	Mashkoor	ع	پسندیدہ' عنوان' ایک ادیب کا نام مشکور حسین یاد
مشرف	Mushraf	ع	جس کو عزت سے نوازا گیا ہو۔
مشتاق	Mushtaq	ع	خواہاں' آرزومند' چاہنے والا' سلسلہ چشتیہ کے ایک بزرگ حضرت صوفی محمد مشتاق چشتی صابریؒ۔ 670ھ میں وصال فرمایا۔ مزار مبارک میلہ رام روڈ دربار مارکیٹ لاہور میں واقع ہے۔
مشمر	Mashmar	ع	کام میں چستی پیدا کرنے والا
مشین	Mushayan	ف	شاندار' عالی شان
مشیر	Mushir	ع	مشورہ دینے والا' رائے دینے والا
مشواذ	Mishwaz	ع	دستار' پگڑی
مشعوف	Mashoof	ع	محبت کرنے والا' فریفتہ' عاشق' چاہنے والا

مشحون	Mashhoon	ع	بھرا ہوا لبریز
مشاق	Mashaaq	ع	ماہر' تجربہ کار' مہارت رکھنے والا
مشفق	Mushfiq	ع	دوست' مہربان' شفیق' شفقت کرنے والا
مصید	Museed	ع	اعادہ کرنے والا
مصیر	Museer	ع	واپس آنا' لوٹنے والا
مصیر	Masir	ع	واپس آنے والا' لوٹنے والا' پلٹنے والا' رجوع کرنا
مصوان	Miswan	ع	مددگار
مصور	Mussawer	ع	نقاش' تصویریں بنانے والا
مصغر	Musghir	ع	مختصر کیا ہوا' چھوٹا کیا ہوا
مصبح	Musabbay	ع	تسبیح بیان کرنے والا
مصباح	Misbah	ع	چراغ' دیا
مصخر	Maskhar	ع	مختصر
مصعب	Masab	ع	تکلیف برداشت کرنے والا' ایک صحابی کا نام حضرت مصعب بن عمیرؓ۔ آپ غزوہ اُحد میں شہید ہوئے۔ حضور نبی کریم ﷺ کے ہم شکل تھے۔
مصدق	Mussdaq	ع	تصدیق شدہ' تصدیق کیا ہوا' مانا ہوا
مصدِق	Masdiq	ع	یقین کرنے والا' صدقہ لینے والا
مصیطر	Masyattar	ع	نگرانی کرنے والا' نگہبان' رکھوالی کرنے والا
مصون	Masoon	ع	محفوظ' بچا ہوا' حفاظت میں
مصیب	Musayyab	ع	بھلائی پانے والا' اچھائی پانے والا
مصلح	Musleh	ع	درست کرنے والا' ٹھیک کرنے والا
مصلحت	Maslahat	ع	اچھا مشورہ' خوبی

مصطفیٰ	Mustafa	ع	منتخب' برگزیدہ' پاکیزہ' چنا ہوا' پسندیدہ حضور نبی کریم ﷺ کا ایک صفاتی اسم مبارک۔
مضمیر	Muzmir	ع	جلد' تیز' فوری' سرعت
مضمر	Muzmer	ع	مخفی' پوشیدہ' پردے میں' پنہاں' چھپا ہوا
مضری	Muzri	ع	حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ایک اسم مبارک۔
مضطر	Muztar	ع	بے شارہ' بے بس
مضیف	Muzzayef	ع	مہمانی کرنے والا' مہمان نواز
مضیاف	Muzyaf	ع	بڑا مہمان نواز
مضمار	Mizmar	ع	میدان جنگ
مطیع	Motie	ع	تابعدار' فرمانبردار' خادم
مطیق	Mateeq	ع	تیز رفتار' سبک رفتار
مطرب	Mutarrab	ف	گانے والا
مطرف	Mutraf	ع	نیا حاصل کردہ
مطرز	Muterz	ف	زیبائش کیا ہوا' سجایا ہوا' زینت دیا ہوا
مطاف	Mutaf	ع	طواف کی جگہ
مطبرز	Mutbarz	ف	سجایا ہوا
مطیب	Mutib	ع	اچھی مہک دینے والا' اچھی خوشبو دینے والا
مطلب	Mutlib	ع	مانگا ہوا' طلب کیا گیا' حضور نبی کریم ﷺ کے دادا جان کا نام عبدالمطلب۔
مطلوب	Matloob	ع	مانگا ہوا' محبوب
مطرب	Mutreb	ع	راضی کرنے والا' خوش کرنے والا
مطہر	Muther	ع	پاک کرنے والا
مطائر	Matair	ع	مل کر اڑانا

نام	English		معنی
مطیر	Matiar	ع	بارش کرنے والا' برسنے والا
مطعم	Mutiem	ع	کھانے کی چیز' خوراک' غذا
مظفر	Muzaffar	ع	کامیاب' فتح مند' ظفریاب' ایک ولی اللہ حضرت شیخ مظفر بلخی۔ وصال مبارک 788ھ میں ہوا۔
مظہر	Mazher	ع	ظاہر ہونے کی جگہ' آشکارا ہونے کی جگہ' عیاں ہونے کی جگہ
مظہر	Mazhir	ع	گواہ' شاہد' بیان کرنے والا
مظاہر	Mazahir	ع	گواہ' بیان کرنے والا
مظل	Muzil	ع	سایہ کرنے والا
مظل	Muzal	ع	سائبان' چھت
معین	Moueen	ع	مدد کرنے والا' مشہور ولی اللہ حضرت خواجہ معین الدین چشتی۔ مزار مبارک اجمیر شریف بھارت میں ہے۔ مزار مبارک کی تعمیر سب سے پہلے خواجہ حسین ناگوری نے کرائی۔
معافر	Muafir	ع	ہمراہ چلنے والا' ساتھ چلنے والا
معارف	Muarif	ع	شناسا لوگ' جاننے والے لوگ' مشہور لوگ' نامور لوگ
معجزات	Muajzaat	ع	معجزے
معرض	Muariz	ع	اعتراض کرنے والا
معترض	Muatriz	ع	اعتراض کرنے والا
معتضد	Mutazid	ع	مدد کا طلب گار' اعانت چاہنے والا' مدد مانگنے والا' امد[illegible] کرنے والا' ایک عباسی خلیفہ معتضد باللہ احمد۔ [illegible] 8 ربیع الثانی 289ھ کو ہوا۔
معطی	Muati	ع	دینے والا' عطا کرنے والا' اللہ تعالیٰ کا صفاتی اسم مبارک۔
معراج	Meraj	ع	زینے' سیڑھی
معاد	Muad	ع	آخرت' واپس جانے کی جگہ

معاز	Maaz	ع	بچاؤ کی جگہ' جائے پناہ
معزز	Muaziz	ع	شریف' باوقعت' باعزت
معید	Mueed	ع	دہرانے والا' اعادہ کرنے والا
معتصم	Mutasim	ع	پناہ لینے والا' توکل کرنے والا' عباسی خلیفہ معتصم باللہ بن ہارون الرشید۔ 20 ربیع الاول 227ھ کو انتقال ہوا۔ اس کی نماز جنازہ اس کے بیٹے واثق باللہ عباسی نے پڑھائی۔
معبر	Muabir	ع	خواب کی تعبیر بتانے والا
معاذ	Mouaz	ع	جائے پناہ' پناہ کی جگہ' حضور نبی کریم ﷺ کے جانثار صحابی حضرت معاذ بن جبل انصاریؓ۔ چھتیس برس کی عمر میں وصال فرما گئے۔ آپ کو دریائے اردن کے کنارے مشہور شہر بیسان میں دفن کیا گیا۔
معمار	Memar	ع	تعمیر کرنے والا
معرف	Muarif	ع	اقرار کرنے والا' اعتراف کرنے والا
معرفت	Muarfat	ع	ذریعہ' خداشناس
معمور	Mamoor	ع	بھرا ہوا' آباد
معوان	Muwaan	ع	مدد کرنے والا' معاون' مددگار
معوذ	Maooz	ع	بچایا گیا' نیز جنگ بدر کے ایک کمسن مجاہد کا نام
معصوم	Masoom	ع	پاک وصاف' مبرا' منزہ' بے گناہ' لاہور کے ایک ولی اللہ حضرت سید معصوم شاہ ولیؒ۔ آپ کا مزار مبارک مسجد حزب الاحناف کے اندر داتا دربار روڈ لاہور میں واقع ہے۔
معان	Muan	ع	عارضی چمک' منزل
معاون	Muawin	ع	مددگار
معیذ	Mueez	ع	معاون' مددگار' مدد کرنے والا

معہود	Muhhood	ع	اقرار کیا ہوا' عہد کیا ہوا' وعدہ کیا ہوا' پرانا' قدیم
معشوق	Mashooq	ار	پیارا' محبوب' جس سے محبت کی جائے
معز	Muiz	ع	عزت دینے والا' اللہ تعالیٰ کا اسم مبارک۔ مہاراجہ رنجیت سنگھ کے عہد کے ایک ولی اللہ حضرت حافظ میاں معز الدین سہروردیؒ۔ آپ کا مزار مبارک حضرت میاں وڈاؒ کی چار دیواری سے باہر لاہور میں واقع ہے۔
معظم	Muazzam	ع	بزرگ' بڑا' عظیم' شریف
معادل	Muadil	ع	انصاف کے ساتھ' عدل کے ساتھ
معاقل	Muaqil	ع	سرحدیں' قلعے
معالم	Mualim	ع	نشانیاں' علامات' عالم' دنیا' جہان
معانق	Muaniq	ع	بغلگیر ہونے والا' گلے ملنے والا
معتبر	Mutabir	ع	سچا' درست' ٹھیک' اعتماد والا' بھروسہ والا
معتد	Mutatid	ع	شمار کیا ہوا' گنا ہوا
معتمد	Mutamid	ع	جس پر اعتماد کیا جائے' ایک عباسی خلیفہ معتمد علی اللہ بن متوکل علی الدین معتصم باللہ بن ہارون الرشید۔
معروف	Maroof	ع	مشہور' ظاہر' عراق کے شہر بغداد شریف کے نزدیک قصبہ کرخ کے ایک مشہور ولی اللہ حضرت معروف کرخیؒ
معتز	Mutiz	ع	گوشہ نشین' ایک عباسی خلیفہ معتز باللہ۔ محرم 251ھ میں خلیفہ بنایا گیا۔ ماہ رجب 255ھ کو معزول کر کے ایک تہہ خانہ میں بے آب و دانہ بند کر دیا گیا وہیں اس کا دم نکل گیا اور 8 شعبان 255ھ میں انتقال کر گیا۔
معیل	Maeel	ع	شیر' بھیڑیا
معوق	Maooq	ع	روکنے والا' منع کرنے والا

نام	English	زبان	معنی
معنبر	Muanber	ع	خوشبودار
مغبر	Mughabber	ع	خواب کی تعبیر کرنے والا
مغنی	Mughni	ع	بے نیاز کرنے والا
مصفر	Musaffer	ع	کسنبھ کی مانند ایک پھول
معیقب	Mueeqab	ع	حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پیارے صحابی حضرت معیقب بن ابی فاطمہ دوسیؓ۔ آپ تمام غزوات میں شریک ہوئے۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ کے دور خلافت میں مدینہ طیبہ میں بیت المال کے عامل مقرر کیے گئے۔ حضرت علیؓ کی خلافت کے آخری دور میں وصال فرما گئے۔
مغیر	Mugheer	ع	جلدی کرنے والا' عادت والا' عادی' خوگر
مغازی	Mughazi	ع	اللہ تعالیٰ کی راہ میں لڑنے والوں کے اوصاف
مغافر	Maghafir	ع	مغفر' لوہے کا خود
مغرق	Mughriq	ع	چمکدار' روشن' منور
مغیث	Mughis	ع	فریادرس
مغنی	Mughni	ع	بے نیاز کرنے والا' بے پرواہ کرنے والا
مغمیر	Mughmeer	ع	جلد باز' ڈاکو
مغمد	Mughmed	ع	پنہاں۔ پوشیدہ۔ چھپایا ہوا۔ نیام میں رکھی ہوئی تلوار
مغیر	Mugheer	ع	عادت والا' جلدی کرنے والا
مغیرہ	Mughira	ع	مشہور صحابی حضرت مغیرہؓ بن شعبہ۔ آپ کا شمار کاتبان بارگاہ رسالت میں ہوتا ہے۔ آپ پاسبان بارگاہ رسالت بھی ہیں۔ 50ھ میں وصال فرمایا۔
مفاذ	Mufaaz	ع	جائے پناہ
مفتح	Muftah	ع	کھولنے کی جگہ' خزانہ

مفتون	Muftoon	ع	فتنہ میں پڑا ہوا
مفتی	Mufti	ع	فتویٰ دینے والا' شرعی حاکم
مفضال	Mifzal	ع	بہت فضل والا' بہت کرم والا' بہت احسان کرنے والا
مفسر	Mufassir	ع	تفسیر کرنے والا' بیان کرنے والا' کلام پاک کے معنی و مطلب بیان کرنے والا
مفصیص	Mufsees	ع	سخاوت والا
مفید	Mufid	ع	سودمند' فائدہ مند
مفیض	Mufiz	ع	فیض پہنچانے والا' فائدہ پہنچانے والا' سخاوت کرنے والا
مفتاح	Muftah	ع	چابی' کنجی' کلید
مفضل	Mufzal	ع	فضل کیا ہوا' کرم کیا ہوا' فوقیت دینے والا
مفکر	Mufakker	ع	دانا' غور و فکر کرنے والا' دانشمند
مفتخر	Muftakhir	ع	فخر کرنے والا' ناز کرنے والا
مفترع	Muftaraa	ع	نتیجہ' ثمر' نکلنے والا
مفخم	Mufkhan	ع	معزز' بزرگ' عظیم شخص
مفیق	Mufiq	ع	ہوشیار' زیرک' چالاک' ہوشمند
مفطن	Muften	ع	سمجھانے والا
مفرح	Mafreh	ع	خوشی کی جگہ
مُفروح	Mufrooh	ع	مسرت دینے والا' خوشی دینے والا' فرحت دینے والا
مفلح	Mufleh	ع	کامیاب و کامران کرنے والا
مقسط	Muqsit	ع	انصاف کرنے والا' عدل کرنے والا' اللہ تعالیٰ کا صفاتی اسم مبارک
مقباس	Muqbaas	ع	جس چیز سے زیادہ آگ لی جائے

مقبل	Muqbel	ع	اللہ تعالیٰ کا حکم ماننے والا' صوفی بزرگ پیر وارث شاہؒ سے بہت پہلے "ہیر رانجھا" تصنیف کرنے والے ایک مصنف کا نام۔
مقصود	Maqsood	ع	مطلب' مراد' غرض
مقترف	Muqtrif	ع	کمانے والا' کسب کرنے والا
مقتضا	Muqtaza	ع	جسے چاہا گیا' جس کو پسند کیا گیا
مقیت	Muqeet	ع	روزی عطا کرنے والا' روزی رساں
مقیث	Muqees	ع	روزی دینے والا
مقیط	Maqeet	ع	عدل کرنے والا جج
مقتدا	Muqtida	ع	رہنما' امام' پیشوا' رہبر
مقتدی	Muqtadi	ع	اقتداء کرنے والا' اتباع کرنے والا' پیروی کرنے والا' ایک عباسی خلیفہ مقتدی بامر اللہ' 5 محرم 487ھ کو خلیفہ مقتدی کا انتقال ہو گیا۔ کہا جاتا ہے کہ اس کو زہر دیا گیا تھا جس سے موت واقع ہو گئی۔
مقیت	Muqayyat	ف	تندرست' توانا' طاقتور' قوی
مقارب	Muqareb	ع	متوسط
مقیم	Muqim	ار	ٹھہرنا' قیام کرنا' رہنا' اترنا' بسنا
مقیم	Muqayyem	ع	ٹھہرنے والا' قیام کرنے والا' رہنے والا
مقوقس	Maqooqes	ع	مصر کے ایک حاکم کا نام جو حضور نبی کریم ﷺ پر ایمان لے آیا تھا۔
مقضی	Muqzi	ع	ارادہ کیا ہوا' تمام کیا ہوا
مقری	Muqari	ع	پڑھانے والا
مقرب	Muqarrab	ع	ہمراز' نزدیک بیٹھنے والا' مصاحب' خاص دوست

مقدر	Muqaddar	ع	تقدیر
مقدس	Muqqadas	ع	پاک، پاک کیا گیا، معصوم، بے گناہ
مقدور	Maqdoor	ع	تدبیر، بہادری، دلیری، سہارا، گنجائش، زور
مقصد	Maqsad	ع	مراد، مطلب
مقدم	Muqadim	ع	دلیر، بہادر، جری، پیش قدمی کرنے والا
مقدم	Maqaddam	ع	بزرگ، بڑا، اونچا، بلند و بالا، ضروری، پہلا
مقدام	Miqdam	ع	دلیر، بہادر، شجاع، جری، دلاور
مقتنی	Muqtani	ع	سرمایہ دار، دولت مند، رئیس، امیر
مقتدر	Muqtadir	ع	طاقتور، قدرت رکھنے والا، زور آور، اللہ تعالیٰ کا اسم مبارک۔ ایک عباسی خلیفہ مقتدر باللہ۔ 27 شوال بروز بدھ 320ھ کو قتل کر دیا گیا تھا۔
مقتعر	Muqtasir	ع	تھوڑے پر قناعت کرنے والا، تھوڑے پر صبر کرنے والا
مقتضی	Muqtazi	ع	خواہش مند، آرزو مند، چاہنے والا
مقتصد	Muqtasid	ع	میانہ رو، میانہ روی اختیار کرنے والا
مقبول	Maqbool	ع	قبول کیا گیا، پیارا، پسندیدہ، محبوب، مانا گیا
مقبس	Maqbas	ع	فائدہ اٹھانے والا، روشنی لینے والا، نفع لینے والا
مقتضی	Maqtazi	ع	ایک عباسی خلیفہ مقتضی الامر اللہ جو 12 ربیع الاول 489ھ کو پیدا ہوا۔ 12 ذوالحجہ 530ھ کو تخت خلافت پر بیٹھا۔ 2 ربیع الاول 555ھ کو 24 برس 4 مہینے خلافت کر کے انتقال کر گیا
مکرام	Mikram	ع	لوگوں کی عزت کرنے والا، احترام کرنے والا

نام	Name	زبان	معنی
مکی	Makki	ن	مکہ مکرمہ کا رہنے والا' خاندان غزنویہ کے آخری بادشاہ خسرو ملک تاج الدولہ غزنوی کے عہد کے ایک مشہور ولی اللہ حضرت سید عزیز الدین المعروف پیر مکیؒ۔ مزار مبارک لاہور میں واقع ہے۔
مکرم	Makram	ع	کرم' عنایت' فضل
مکاشف	Makashif	ع	بھید ظاہر کرنے والا' راز کھولنے والا' عیاں کرنے والا
مکثار	Miksar	ع	مکثیر' بہت بولنے والا آدمی
مکیث	Makis	ع	صابر' صبر کرنے والا' سنجیدہ' قناعت کرنے والا
مکین	Makin	ف	رہنے والا' رہائشی' صاحب مکان
مکینث	Makeenas	ع	سنجیدہ
مکتوم	Maktoom	ع	پوشیدہ' چھپا ہوا' مخفی' پردے میں' ایک صحابی ابن مکتومؓ' آپ کو حضور نبی کریم ﷺ نے غزوہ احد پر جانے سے پہلے مدینہ طیبہ میں اپنا نائب مقرر فرمایا تھا۔
مکشوف	Makshoof	ع	واضح' صاف' ظاہر کیا گیا۔
مکارم	Makarem	ع	نوازش' بزرگی
مکتسب	Muktaseb	ع	فائدہ اٹھانے والا' نفع اٹھانے والا' کمانے والا
مکھن	Makhan	ہ	کچا گھی' لاہور کے ایک ولی اللہ حضرت مکھن شاہؒ۔ آپ کا مزار نزد حویلی کسواں چاہ میراں لاہور میں واقع ہے۔
مکنون	Maknoon	ع	خفیہ' چھپا ہوا' پوشیدہ' پنہاں
مکفی	Mukfi	ع	کفایت کرنے والا
مکحول	Makhool	ع	سرمہ لگی ہوئی آنکھ' حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ایک خادم حضرت مکحولؒ۔
مکنوز	Maknooz	ع	خزینہ' خزانہ' پوشیدہ' چھپا ہوا

مکنت	Muknat	ع	طاقت' توانائی' قوت' مالداری' دولت مندی' قدرت
مکتفی	Muktafi	ع	پورا' کافی' بس کرنے والا' ایک عباسی خلیفہ مکتفی باللہ جس نے ساڑھے چھ برس تک خلافت کی۔ ماہ جمادی الاول 295ھ میں بغداد میں فوت ہوا۔
مکتسی	Muktasi	ع	کمبل اوڑھنے والا
مکسار	Muksar	ع	بہت بولنے والا شخص
ملبوب	Malboob	ع	دانشمند' عاقل' اچھی سمجھ والا' اچھی عقل والا
ملجا	Malja	ع	جائے پناہ' پناہ گاہ
ملیق	Maliq	ع	تیز رفتار' سبک رفتار
ملنگ	Malang	ف	بے خود' ایک نام ملنگ خاں
ملک	Malak	ع	سردار' مالک' صاحب' ایک اموی خلیفہ عبدالملک بن مروان۔ تابعین میں سے ہیں۔ رمضان میں پیدا ہوئے۔ رمضان میں ہی دودھ چھوڑا۔ رمضان ہی میں قرآن پاک ختم کیا۔ رمضان ہی میں بالغ ہوا۔ رمضان ہی میں ولی عہد ہوا۔ رمضان ہی میں خلیفہ بنا۔ شوال 86ھ میں 63 سال کی عمر میں انتقال ہوا۔
ملاث	Malas	ع	شریف آدمی' نیک آدمی' بلند مرتبہ والا
ملاح	Mulah	ع	نمکین اور خوبصورت
ملاذ	Malaaz	ع	جائے پناہ
ملیح	Malih	ع	خوبصورت' سانولا' حسین
ملوک	Malook	ہ	حسین وجمیل' خوبصورت
ملتبس	Multabas	ع	پوشیدہ' چھپا ہوا' پنہاں
ملت	Millat	ع	دین' مذہب

ملاطف	Milataf	ع	مہربانی کرنے والا' نیکی کرنے والا' بھلائی کرنے والا
ممیز	Mamayyaz	ع	فرق کیا ہوا' امتیاز کیا ہوا
ممتاز	Mumtaz	ع	عادل رتبہ' بلند و بالا' برتر' بلند مرتبہ
ممنیر	Mamneer	ع	اختیار کیا گیا
ممنون	Mamnoon	ع	احسان مند' شکر گزار
ممیت	Mamayyat	ع	مارنے والا' اللہ تعالیٰ کا اسم مبارک
ممدوح	Mamdooh	ع	جس کی تعریف کی گئی ہو۔
ممہد	Mumhed	ع	سجایا ہوا' آراستہ کیا ہوا
ممد	Mamid	ع	مدد کرنے والا' معاون' مددگار' ساتھی
ممجد	Mumjad	ع	عزت و احترام والا' نیک' شریف' بزرگ
منازل	Manazil	ع	مقامات' مکانات' ایک مشہور ولی اللہ حضرت عبداللہ منازلؒ۔ حضرت شیخ حمدون قصارؒ کے مرید تھے۔ 331ھ میں وصال فرمایا۔
منطیق	Mantiq	ع	فصیح الکلام' فصیح و بلیغ' خوش کلام
منذر	Manzer	ع	ڈرانے والا' حضرت ابوبکر صدیقؓ کے نواسے کا نام' آپ فاتح عراق ہیں۔ آپ کی والدہ کا نام حضرت اسماءؓ ہے۔
منیر	Munir	ع	چمکدار' روشن' منور' ایک ادیب اور شاعر منیر نیازی۔
منفتح	Munqateh	ع	فراخ' کھلا ہوا' کشادہ
منصف	Mansif	ع	عادل' جج' انصاف کرنے والا
منہاج	Minhaj	ع	راستہ' شاہراہ' رہگزر' شارع
منتہی	Muntahi	ع	انتہا کو پہنچنے والا

نام	انگریزی	زبان	معنی
منتصر	Muntasir	ع	ایک عباسی خلیفہ منتصر باللہ۔ اپنے والد متوکل کو قتل کروا کر تخت خلافت پر بیٹھا۔ چھبیس سال کی عمر میں چھ مہینے سے بھی کم مدت خلافت کر کے فوت ہو گیا۔
منصوص	Mansoos	ع	آشکارا' عیاں کیا گیا' ظاہر کیا گیا' تحقیق کیا ہوا
منضود	Manzood	ع	مرتب' تہہ بہ تہہ لگا ہوا
منقاد	Minqad	ع	مطیع' فرمانبردار' اطاعت گزار
منتسب	Muntasib	ع	انس رکھنے والا' لگاؤ رکھنے والا' تعلق رکھنے والا
منعام	Minaam	ع	بڑا فیاض' بڑا سخی' بہت سخاوت کرنے والا
منصوب	Mansoob	ع	کھڑا' قائم' سیدھا
منار	Minar	ع	روشنی کا مرکز' جائے روشنی' چراغ داں
منتہی	Muntahi	ع	انتہا کو پہنچنے والا
منور	Munawwer	ع	روشن' چمکیلا' درخشاں' تاباں' مہاراجہ دلیپ سنگھ کے عہد کے ایک ولی اللہ حضرت سید منور شاہ نقشبندیؒ۔ آپ کا مزار مبارک قبرستان میانی صاحب لاہور میں احاطہ حضرت طاہر بندگیؒ کے اندر واقع ہے۔
منشا	Mansha	ع	بلند جھنڈا' بلند نشان والا
منشاء	Mansha	ع	پیدا ہونے کی جگہ
منشاء	Mansha	ع	مرضی' نیت' ارادہ' سبب
منشد	Manshad	ع	شعر پڑھنے والا
منجد	Munjad	ع	معاون' مددگار' معین' مدد کرنے والا
منجم	Munajjam	ع	نجومی' ستاروں کی رفتار پہچاننے والا
منحار	Minhaar	ع	شریف آدمی' مہمان
منحل	Munhal	ع	کشادہ ہونے والا' کھلنے والا

مناظر	Munazir	ع	مباحثہ کرنے والا' بحث کرنے والا
منیم	Munim	ع	منیب کا بگڑا ہوا' محاسب' محرر' حساب رکھنے والا
منیف	Munif	ع	برتر' پاک' بزرگ' پاکیزہ
منہل	Munhel	ع	منبع' چشمہ' سرچشمہ
منزہ	Munazza	ع	برائیوں سے پاک' نقائص سے مبرا
منعم	Munam	ع	امیر' نعمت عطا کرنے والا
منعمام	Munamaam	ع	بڑا فیاض
مناظر	Manazir	ع	نظارے
منان	Manan	ع	نعمت عطا کرنے والا' نیکی کرنے والا' بھلائی کرنے والا' اللہ تعالیٰ کا صفاتی اسم مبارک۔
منہب	Manhib	ع	حق کی جانب پلٹنے والا
منتظر	Muntazir	ع	انتظار کرنے والا
منجی	Munajji	ع	نجات دلانے والا
منصور	Mansoor	ع	مدد کیا ہوا' فتح مند' مظفر' کامیاب و کامران۔ ایک عباسی خلیفہ منصور ابو جعفر عبداللہ۔ یہ مکہ مکرمہ سے چھ کلومیٹر دور مقام بطن میں انتقال کر گیا۔ اس کو حجون اور بیر میمون کے درمیان مقبرہ معلاۃ میں دفن کیا گیا۔ ایک ہفتہ کم بائیس برس خلافت کی۔
منعد	Munid	ع	چمکیلا' روشن' منور' تاباں' درخشاں
منظور	Manzoor	ع	قبول' تسلیم کیا ہوا' مقبول' پسندیدہ
مخار	Mikhar	ع	نیک آدمی' شریف آدمی' مہمان
منظار	Minzar	ف	دوربین

مناف	Munaf	ع	ضد کرنے والا' نفی کرنے والا' حضور نبی کریم ﷺ کے دادا کا نام عبدالمناف۔
منائم	Munaam	ع	نازک' نرم' ملائم
منظر	Manzer	ع	نظارہ' جائے نظر
منصب	Manseb	ع	عہدہ' کام
منتقم	Muntaqim	ع	بدلہ لینے والا' اللہ تعالیٰ کا صفاتی اسم مبارک
منیب	Munib	ع	حق کی طرف پھرنے والا
منہمر	Munhemer	ع	چمکنے والا' روشن' تاباں' بارش
منوچہر	Manoo Cheher	ف	ایران کے ایک فرمانروا کا نام
منفتح	Munfatah	ع	کشادہ
منفرح	Munfarah	و	خوش وخرم' خوش کرنے والا
منفق	Munfiq	ع	خرچ کرنے والا
منصرم	Munsaram	ع	انتظام کرنے والا' بندوبست کرنے والا' منتظم
منصبدار	Munsabdar	ع	عہدیدار' حاکم
منشرح	Munsharah	ع	خوش وخرم' مسرور
مند	Mand	ف	صاحب' والا
منبسط	Munbisat	ع	خوشحال' خوش وخرم' مسرور' پھیلنے والا
موسیٰ	Musa	ع	پانی سے نکالا ہوا' ساتویں امام موسیٰ کاظمؒ۔ آپ کے والد کا نام امام جعفر صادقؒ ہے۔ آپ کا وصال ہارون الرشید کے قید خانہ میں ہوا۔ قبر مبارک بغداد شریف عراق میں ہے۔
مورث	Mooras	ع	وراثت کرنے والا' وارث جسے ورثہ یا ترکہ ملے
مورق	Mooriq	ع	تاجر' سامان نوشت وخواند

موعود	Maood	ع	اقرار کیا گیا' وعدہ کیا گیا' عہد کیا گیا
موقر	Muaqqar	ع	جس کو وقعت دی گئی ہو
موفر	Mofar	ع	حلیم
موفور	Mofoor	ع	بہ افراط' پورا' مکمل
موفق	Muaffiq	ع	توفیق دینے والا' عباسی خلیفہ معتمد باللہ کا بھائی موفق جو بہادری اور دانائی کے سبب تمام امور سلطنت پر حاوی اور قابض و متصرف تھا اور معتمد باللہ برائے نام خلیفہ تھا۔
موئید	Moayyed	ع	تائید کیا ہوا
موقن	Muaqqan	ع	اعتبار کرنے والا' یقین کرنے والا' اعتماد کرنے والا
مولا	Mola	ع	مدد کرنے والا' مالک' مددگار
مولابخش	MolaBaksh	ار	اللہ تعالیٰ کا بخشا ہوا
مولاعلی	Mola Ali	ع	حضرت علیؓ کا لقب
مودود	Modood	ع	دوست' رفیق' حبیب' سلسلہ چشتیہ کے ایک ولی اللہ حضرت مودود چشتیؒ۔ آپ کا مزار مبارک چشت میں واقع ہے۔
موحد	Muwahhed	ع	اللہ تعالیٰ کو ایک ماننے والا۔
موقر	Muaqqar	ع	بزرگ' معزز' حلیم' باوقار
مومن	Momen	ع	امن دینے والا' ایمان لانے والا
موید	Mueed	ع	مددگار' حمایتی' مدد کرنے والا' حمایت کرنے والا
مونس	Munas	ع	انس دینے والا' آرام دینے والا' ساتھی' دوست' رفیق
موظف	Muazzif	ع	وظیفہ دینے والا' کسی کام پر ہمیشگی کرنے والا
موصوف	Mosoof	ع	تعریف کیا ہوا
موصف	Muassif	ع	تعریف کیا گیا
موضف	Mozzaf	ع	عہدیدار

مورد	Muwerd	ع	گلاب کے پھول جیسا
مورد	Murd	ف	درخت' شجر' پیڑ
موثق	Museq	ع	مستحکم' مضبوط' استوار' اعتماد' بھروسہ
موتمر	Motamar	ع	حکم ماننے والا' فرمانبردار' مشورہ کرنے والا
موتمن	Mutemen	ع	امانت دار' امن' امین' خلیفہ ہارون الرشید کا بیٹا موتمن اس کو 186ھ میں خلیفہ ہارون الرشید نے ولی عہد بنایا۔
موخر	Moakhir	ع	چیزوں کو پیچھے چھوڑنے والا' ہر چیز کو اس کی جگہ رکھنے والا
مویہبہ	Moweebah	ع	حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے آزاد کردہ غلام مویہبہ۔ آپ مزینہ کے رہنے والے تھے اور غزوہ مریسیع میں حاضر ہوئے تھے۔
مہلب	Mehlab	ع	حسین وجمیل' شکیل' نہایت خوبصورت
مہشید	Mehshid	ف	چاند' ماہتاب
مہتدی	Mohtidi	ع	ہدایت یافتہ' ہدایت پانے والا' ایک عباسی خلیفہ مہتدی باللہ۔ 37 سال کی عمر میں تخت خلافت پر بیٹھا۔ پندرہ دن کم ایک سال خلافت کی اور 38 سال کی عمر میں قتل ہو گیا یہ خلیفہ نہایت دین دار تھا' تخت نشین ہونے کی تاریخ سے قتل ہونے کے دن تک برابر ہر روز روزہ رکھتا رہا۔
مہتدیٰ	Mohtida	ع	ہدایت کیا گیا' ہدایت یافتہ
مہتاب	Mahtab	ف	چاند
مہیب	Moheeb	ع	بھیانک' خوفناک
مہین	Maheen	ف	عظیم' بڑا' بزرگ' برگزیدہ

نام	انگریزی	زبان	معنی
مہدی	Mehdi	ع	پیشوا' رہنما' صراط مستقیم دکھانے والا' عباسی خلیفہ مہدی بن منصور جو نہایت سخی تھا۔ 158ھ میں اپنے والد کے انتقال کے بعد بغداد میں تخت خلافت پر بیٹھا۔ یہ خلیفہ ہارون الرشید کا باپ تھا۔ خلیفہ مہدی کے جنازہ کی نماز ہارون الرشید نے پڑھائی تھی۔
مہروز	Mahrose	ف	چاند' مہتاب' چاند جیسی شکل
مہد	Mehd	ع	ہدایت والا' ہادی' حضور سرور کائنات ﷺ کا صفاتی اسم مبارک۔
مہر	Mehr	ف	رفاقت' پیار' دوستی' وفا
مہابت	Mahabet	ف	شان و شوکت' جاہ و جلال' غصہ' مغل شہنشاہ نورالدین جہانگیر کا ایک جرنیل مہابت خان۔ اس کے نام پر پشاور شہر میں مسجد مہابت خان ہے۔
مہجر	Mehjer	ع	عزت والا' بڑا آدمی' ہر عمدہ اور خوبصورت چیز دوسروں پر فضیلت اور بڑائی رکھنے والا
مہلب	Mohlab	ع	بنو امیہ خاندان کے ایک خلیفہ عبدالملک بن مروان کے ایک سپہ سالار کا نام۔
مہران	Mehran	ف	ایک دریا کا نام' ایک بادشاہ کا نام
مہیمن	Mahmeen	ع	نگہبان' مہربان' گواہ' سچا' اللہ تعالیٰ کا اسم مبارک۔
مہربان	Mehrban	ف	محبت کرنے والا' رفیق
میمون	Memoon	ع	خوشی' مبارک' سعید' خوش بخت
میکائیل	Mikaeel	ع	رزق پہنچانے والا فرشتہ
میغام	Meegham	ع	بڑا' سخی
میران	Miran	ف	بڑا' بزرگ' حضرت غوث اعظم کا لقب
میمور	Majmur	ت	[illegible]

میر	Mir	ف	سردار، ہادی، افسر، لاہور کے ایک ولی اللہ حضرت میاں میرؒ۔ جو حضرت عمر فاروقؓ کی اولاد میں سے ہیں۔ 88 سال کی عمر میں وصال ہوا۔ مزار مبارک لاہور میں ہے۔
میلک	Mielk	ت	فرشتہ
میرام	Miram	ت	خواہش، آرزو، مقصد
میثاق	Misaq	ع	معاہدہ، عہد، قول، اقرار
میراب	Mirab	ف	پانی کا نگران، پانی کی نگرانی کرنے والا
میسرہ	Misra	ع	بائیں جانب، بائیں جانب کی فوج، مالداری، دولت مندی، حضرت خدیجہؓ کے ایک غلام کا نام۔
میزاب	Mizab	ع	پرنالہ
میرزا	Mirza	ف	امیر کا بیٹا

ن

نابغ	Nabigh	ع	فصیح' خوش بیان
نابغہ	Nabegha	ع	خوش بیان' فصیح و بلیغ' ظاہر' عیاں' حضور نبی کریم ﷺ کے زمانہ اقدس کے مشہور شاعر نابغہ جعدیؓ۔ کہا جاتا ہے کہ آپ نے 180 برس کی عمر پائی۔ حضرت عبداللہ بن زبیرؓ کے زمانہ تک حیات رہے۔
ناسط	Nasat	ع	رحمت کا فرشتہ
ناسق	Nasiq	ف	تنظیم کرنے والا' منتظم
ناصی	Nasi	ع	نامور
ناصیہ	Nassia	ا' ع	پیشانی کے بال' ماتھا' پیشانی
ناصف	Nasif	ع	خادم' خدمت کرنے والا' نصف کرنے والا
ناعش	Naish	ع	زندگی عطا کرنے والا' حیات بخشنے والا
نائب	Naib	ع	قائم مقام
نافح	Nafah	ع	پرکھنے والا
نافر	Nafir	ع	بھاگنے والا' غالب
نافل	Nafil	ع	نفل پڑھنے والا
ناجز	Najeez	ع	نقد' موجودہ' تیار
ناجی	Naji	ع	نجات پانے والا' ایک ادیب کا نام نذیر ناجی
ناشاد	Nashad	ف	غمزدہ' ناخوش' غمگین
ناشب	Nashib	ع	تیروں والا
ناشد	Nashad	ع	طلب کرنے والا

ناشق	Nashiq	ف	تنظیم کرنے والا
ناشی	Nashi	اُع	پیدا ہونے والا' شروع ہونے والا' ظاہر ہونے والا' ظاہر
نائف	Naif	ع	بہتات' زیادتی' کثرت' زائد
ناثر	Nasir	ع	لکھنے والا' مضمون نگار' لکھاری' مصنف
نامداد	Namdad	ع	نامور' عزت والا' مشہور
نامی	Nami	ع	نامور' مشہور' شہرت یافتہ
ناخدا	Nakhuda	اُف	ناخدا کا مخفف' کشتی چلانے والا ملاح' رہنما
ناخل	Nakhil	ع	ناصح' نصیحت کرنے والا' اچھی بات کہنے والا
ناقد	Naqid	ع	پرکھنے والا' امتیاز کرنے والا
ناقر	Naqar	ع	نشانہ پر جا لگنے والا تیر
ناقوس	Naqus	اُع	سنکھ جو ہندو پوجا کرتے وقت بجاتے ہیں
نایاب	Nayab	ع	کمیاب' ناپید' نادر
نادر	Nadir	ع	انوکھا' نایاب' فارس کا ایک بادشاہ نادر شاہ درانی۔
نادم	Nadim	ع	شرمندہ' پشیمان
ناسخ	Nasikh	ع	منسوخ کرنے والا' رد کرنے والا' تحریر کرنے والا
ناز	Naaz	ف	فخر' پیار
نازاں	Nazaan	ع	فخر کرنے والا
نازش	Nazish	ع	ناز' فخر' ایک شاعر کا نام نازش نقوی۔
نازل	Nazil	ع	اترنے والی چیز
نابل	Nabil	ع	تیرانداز' تیر بردار' تیر ساز' تیر چلانے والا
ناظم	Nazim	ع	انتظام کرنے والا' بندوبست کرنے والا' منتظم

ناظر	Nazir	ع	دیکھنے والا' رکھوالا' نگہبان' دھیان رکھنے والا' مغل شہنشاہ شاہجہاں کے دور کے ایک مشہور ولی اللہ حضرت شیخ ناظر۔ آپ کا مزار مبارک اکبرآباد بھارت میں واقع ہے۔
ناسک	Nasik	ع	پرہیزگار' عابد' زاہد' متقی' اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے والا' ایک نام محمد یعقوب ناسک۔
ناضل	Nazil	ع	تیراندازی میں غالب
ناطق	Natiq	ع	بولنے والا' دانا' عقلمند' دانشمند' سمجھدار
ناعم	Naim	ع	اچھی زندگی بسر کرنے والا' آسودہ زندگی والا' خوشحال زندگی والا
نازید	Nazid	ف	ناز کیا ہوا' فخر کیا ہوا
ناصح	Nasayh	ف	نصیحت کرنے والا
ناصح الحبیب	Naseh-ul Habeeb	ع	امین' صادق
ناصر	Nasir	ع	مدد دینے والا' مددگار' معاون' حضور سرور کائنات ﷺ صفاتی اسم مبارک۔
ناشط	Nashit	ع	چاک و چوبند' چوکس' پھرتیلا' چست
نافع	Nafayh	ع	نفع دینے والا' اللہ تعالیٰ کا صفاتی اسم مبارک' حضور نبی کریم ﷺ کے آزاد کردہ غلام حضرت نافع
نائل	Nail	ع	پانے والا' حاصل کرنے والا' پہنچانے والا
ناطر	Natir	ع	تاکستان کا نگہبان
ناصب	Nasib	ف	قائم کرنے والا' نصب کرنے والا
ناضر	Nazir	ع	شگفتہ چہرہ' تروتازہ چہرہ' خوش شکل
نابت	Nabit	ع	اگانے والا

ناجل	Najil	ع	نیک آدمی' شریف آدمی
نازندہ	Nazinda	ف	فخر کرنے والا' ناز کرنے والا
ناجی	Nahij	ع	نجات پانے والا' خلاصی حاصل کرنے والا
ناطع	Natay	ع	کھرا رنگ' خالص رنگ
ناصع	Nasay	ف	کھرا' خالص
ناجد	Najed	ع	مددگار' معاون' مدد کرنے والا
نابر	Naber	ع	انکار کرنے والا' عذر کرنے والا' بہانہ کرنے والا
ناحی	Nahi	ع	ارادہ کرنے والا' نیت کرنے والا' کنارہ پکڑنے والا
ناجو	Najoo	ع	صنوبر کا درخت' ایک ولی اللہ حضرت میر ناجو کشمیریؒ۔ آپ کا وصال 1111ھ میں ہوا۔
نادی	Nadi	ع	آواز دینے والا' پکارنے والا' نداد دینے والا
ناسی	Nasi	ع	بھولنے والا
ناعس	Nais	ع	اونگھنے والا
ناموس	Namoos	ع	عزت' نیک نامی' شریعت' شرم' رواج' دستور
ناموس	Namouss	ع	راز دار' بھید کا جاننے والا' وحی جبرئیل کا نام' ہوشیار اور عقلمند آدمی' شکاری کا جال' چھپا ہوا
نائم	Naim	ع	سونے والا
ناہ	Naah	ع	رسول اکرم ﷺ کا لقب' منع کرنے والا
ناہی	Nahi	اُف	منع کرنے والا
نبراس	Nibras	ع	بہادر' جری' دلیر' شجاع
نبار	Nibar	ع	خوش بیان' شیریں بیان' فصیح و بلیغ' بولنے والا
نبوت	Naboowat	ع	پیغمبری' خبر رساں
نبیغ	Nabigh	ف	جاہ و جلال والا' بڑی شان و شوکت والا

نبالت	Nabalat	ف	بزرگی' عظمت' فضیلت' بلند مرتبہ
نبالف	Nabalif	ف	عظمت
نبی	Nabi	ع	خبر دینے والا' خبر پہنچانے والا
نبیل	Nabil	ع	نیک' معزز' شریف' سمجھدار' ہوشیار' باشعور' ذہین
نبیلہ	Nabila	ع	بزرگ' دانا' نیک
نباہت	Nabahat	ع	شہرت' ناموری' شان وشوکت' جاہ وجلال
نبیذ	Nabiz	ف	پھلوں کا تازہ جوس
نبع	Naba	ع	پانی کا چشمہ پھوٹنا
نبان	Naban	ع	واسط کے رہنے والے ایک ولی اللہ حضرت شیخ نبان بن محمد جمالؒ۔ آپ کا وصال 316ھ میں ہوا۔ قبر مبارک مصر میں واقع ہے۔ آپ مشہور ولی اللہ حضرت شیخ ابوالحسن نوریؒ کے پیروں میں سے تھے۔
نبید	Nabid	ف	مژدہ' نوید' خوشخبری' بشارت
نتھا	Natha	ہ	مغل شہنشاہ نورالدین جہانگیر کے عہد کے ایک باکرامت ولی اللہ حضرت میاں نتھا المشہور تھے شاہ دیوان قادریؒ۔ مزار مبارک حضرت میاں میرؒ کے روضہ کی چاردیواری کے سامنے ہے
نثار	Nisar	ع	نچھاور کرنا' قربان' صدقہ' واری
نثار	Nasar	ع	مصنف' نثر لکھنے والا
نجرت	Najrat	ع	دلیری' شجاعت
نجی	Niji	ع	ذاتی
نجیح	Najeeh	ع	صبر کرنے والا' صابر
نجیف	Najeef	ع	چوڑی پیکان کا تیر' پرانی مشک
نجید	Najid	ع	بہادر' دلیر' شجاع' جری' شیر

نام	English	زبان	معنی
نجم	Najam	ع	ستارہ' بغداد کے مشہور ولی اللہ حضرت شیخ نجم الدین کبریٰؒ۔ آپ 10 جمادی الاول 618ھ کو چنگیزی لشکروں سے مقابلہ کرتے ہوئے شہید ہوئے۔ اس وقت عمر مبارک ساٹھ سال سے زیادہ تھی۔
نجابت	Nijabat	ع	شرافت' اصالت
نجام	Najjam	ع	نجومی' ستاروں کی گردش اور وقت پہچاننے والا
نجات	Nijat	ع	رہائی' خلاصی' چھٹکارہ۔
نجمی	Najmi	ع	ستاروں کو سمجھنے والا
نجم الثاقب	Najam Ulsaqib	ع	روشن ستارہ' چمکیلا ستارہ
نجیب	Najib	ع	شریف' نیک' بھلا مانس' بزرگ' سپاہی' اپنے وقت کے مشہور ولی اللہ حضرت نجیب الدین فردوسیؒ۔ آپ کا وصال 733ھ میں ہوا۔
نجدت	Najdet	ع	دلیری' بہادری' جرأت' شجاعت
نجیع	Najee	ع	صابر' صبر کرنے والا' تیز رفتار' درست رائے والا
نجاہ	Nijah	ع	نگاہ' نظر
نجاح	Najah	ع	کامیاب و کامران
نجف	Najaf	ع	اونچا ٹیلا' بلند و بالا ٹیلا
نجاشی	Najashi	ع	حبشہ کے ایک مشہور بادشاہ کا نام جس نے اسلام قبول کرلیا تھا
نحاس	Nihas	ع	عادت' خصلت' طبیعت' سرشت
نحر	Nehar	ع	مدد
نحریر	Nahrir	ع	دانشمند' عقلمند' معاملہ فہم' عالم' زیرک
